صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 11 اکتوبر 2013ء بمطابق 05 ذی الحجہ 1434 ہجری صبح گیارہ بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب قائمقام سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

ءَأَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَآءُ بَنٰهَاO رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَاO وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰهَاO وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَآO أَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰهَاO وَالْجِبَالَ أَرْسٰهَاO مَتٰعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعٰمِكُمْO فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰىO يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسٰنُ مَا سَعٰىO وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَن يَرٰىO فَأَمَّا مَن طَغٰىO وَءَاثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَاO فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوٰىO وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىO فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوٰى۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيم۔

(ترجمہ): بھلا تمہارا بنانا آسان ہے یا آسمان کا؟ اسی نے اس کو بنایا۔ اس کی چھت کو اونچا کیا اور پھر اسے برابر کر دیا۔ اور اسی نے رات کو تاریک بنایا اور (دن کو) دھوپ نکالی۔ اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا۔ اسی نے اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارا اگایا۔ اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ رکھ دیا۔ یہ سب کچھ تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے فائدے کے لئے (کیا) تو جب بڑی آفت آئے گی۔ اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا۔ اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی۔ اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا۔ اس کا ٹھکانہ بہشت ہے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب قائمقام سپیکر: جزاکم اللہ۔جی وجیہہ الزمان صاحب۔

رسمی کارروائی

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے کچھ کہنے کا موقع دیا۔ میں اس ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مرکوز کرانا چاہتا ہوں جو کہ دو چار دن پہلے بھی میں نے اس مسئلے کا ذکر کیا تھا، مانسہرہ کے حوالے سے، وہاں پہ غلط فہمی کی بنیاد پر ایک سیاسی ایشو بن چکا ہے جو کہ بڑا سنگین رخ اختیار کر گیا ہے۔ اس پر میں نے پچھلی دفعہ بھی بات کی تھی لیکن کچھ مسئلہ ایسا ہے کہ ہمارے نئے آئی جی صاحب آئے ہیں، ناصر درانی صاحب، جو کہ ایک بڑی اچھی Reputation کے حامل ہیں اور ہم ان کے کردار پر کوئی ایسی بات نہیں کرتے بلکہ ہم خوش ہیں کہ وہ اس صوبے میں آئے ہیں اور انکی خدمات ہمیں حاصل ہوئی ہیں لیکن کسی سیاسی وجہ سے ہم انکی ان خدمات سے محروم نہیں ہونا چاہتے، حالات کچھ اس قسم کا رخ پکڑ گئے ہیں کہ وہ غلط فہمی کی بنیاد پہ دن بدن بگڑتے جا رہے ہیں۔ میری صرف یہ اپیل ہے کہ ایسے آئی جی صاحب کے ساتھ ہم خود چاہیں گے، Being in the Opposition ہم چاہیں گے کہ ہم انکا بازو بنیں اور وہ جو ریفارمز لانا چاہتے ہیں، جو ایک تبدیلی لانا چاہتے ہیں سمیت حکومت کے، ہم اسکا حصہ بنیں اور اپنے عوام کو ریلیف دیں لیکن یہاں پہ فضا کچھ ایسی بن گئی ہے کہ کہا جا رہا ہے جی وہ جو ٹرانسفر ہوا ہے، وہ سیاسی بنیادوں پہ ہوا ہے۔ میری آئی جی صاحب سے بھی ملاقات ہوئی ہے، ابھی میری اپنے بھائی سی ایم صاحب سے ملاقات ہوئی، انہوں نے برملا کہا ہے کہ اسمیں کوئی سیاسی مسئلہ نہیں ہے جس کا مجھے یقین بھی ہے کہ سیاسی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ وہ بات غلط ٹائمنگ پہ ہونے کی وجہ سے سیاسی رنگ لے گئی ہے لیکن کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اب آگے عید ہے اور حالات دن بدن خراب ہو رہے ہیں تو میں نہیں چاہتا کہ ہم عوام کی عید خراب کریں، آئی جی صاحب یہاں پہ بیٹھے ہیں، وہ بھی عوام کیلئے بیٹھے ہیں، ہم لوگ یہاں بیٹھے ہیں، ہم بھی عوام کیلئے بیٹھے ہیں، تو اسے سیاسی ایشو نہیں بنانا چاہیئے، ہم عوام کیلئے بیٹھے ہیں، عوام کی ایک ڈیمانڈ ہے، اسکو ہمیں مان لینا چاہیئے۔ اگر نہیں بھی مانتے تو میں یہ اپیل کرتا ہوں حکومت سے بھی اور آئی جی صاحب سے بھی، جن کا میں اپنے دل سے احترام کرتا ہوں کہ بھئی آپ اسکو Held in abeyance کر دیں اس آرڈر کو عید تک، ہماری قیادت جو ضلعی قیادت ہے، وہ حج پہ سارے گئے ہوئے ہیں، صرف ہم دو موجود

ہیں باقی سب جا چکے ہیں، وہ واپس آجائیں تو ہماری کوشش ہو گی کہ ہم مذاکرات کے ذریعے اس مسئلہ کو احسن طریقے سے حل کریں اور اسکو سیاسی ایشو نہ بننے دیں تاکہ آئی جی صاحب بھی یہاں پہ رہیں، ہمیں انکی ضرورت ہے اور ہم لوگ بھی وہاں پہ انکے ساتھ مل کے کام کرنے کا موقع حاصل کر سکیں، تو جناب سپیکر، میری گزارش ہے، اس کے ساتھ میں نے دو مطالبے اور بھی پیچھے کئے تھے جن کا ابھی تک کچھ آیا نہیں، یوسف خان میرے بڑے بھائی ہیں لیکن بڑے پرانے ماہر ہیں سیاسی اور دو منٹ میں ایسے ہی ہمیں خوش کر کے چلے جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، آنریبل چیف منسٹر آئے ہوئے ہیں تو میں ان سے توقع کرونگا کہ یہ ہمیں انصاف فراہم کریں اور ہم کوئی Personal favour نہیں مانگتے لیکن انصاف کی توقع ہم کرتے ہیں اور اپنا حق بھی رکھتے ہیں تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ ہمیں وہ فراہم کیا جائے، میں آپ کا تہہ دل سے مشکور ہوں جناب سپیکر، اور آپ کا بھی ساروں کا، شکریہ جی۔

جناب قائمقام سپیکر: آنریبل چیف منسٹر صاحب۔

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر صاحب! جیسے میرے دوست نے فرمایا کہ وہاں ڈی پی او کو ٹرانسفر کیا گیا ہے، چونکہ ہم نے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ ہم پولیس اور اس میں سیاسی مداخلت نہیں کرینگے، اسکے مطابق آئی جی صاحب کو ہم مکمل اختیار دے چکے ہیں کہ ہم ٹرانسفرز اور ان چیزوں میں مداخلت نہیں کرینگے۔ چونکہ پولیس ایک اہم فورس ہے اور انہوں نے اپنے کام خود ہی نبھانے ہیں اور انکی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں اسی وجہ سے ہم نے ان کو جب اجازت دی کہ آپ اپنی مرضی سے ٹرانسفرز کریں تو ایک Misunderstanding کہیں یا مانسہرہ والوں کی غلط فہمی کہیں، کیونکہ وہ ایک اچھا آفیسر ہے کیونکہ ہمارے پاس تقریباً 48 افسران کی کمی ہے اس وقت، گریڈ سترہ سے گریڈ بائیس تک، اور ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ کس کو کہاں پوسٹ کریں کیونکہ بہت کمی ہے آفیسرز کی، تو اس ڈی پی او کو Promote کر کے As a DIG, D.I Khan لگایا گیا کیونکہ اس وقت مسئلہ ضلعوں کا نہیں ہے، اس وقت مسئلہ سارے صوبے کا ہے، دہشت گردی ہے اور ہمیں اچھے آفیسرز کی ضرورت ہے۔ اگر مانسہرہ والے سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا آفیسر ہے تو اس کو پروموشن پہ جانے دیں اور اس کو اچھا کام کرنے دیں تاکہ وہ اچھا ریزلٹ دے، تو اس میں نہ کوئی

سیاسی مداخلت تھی، نہ ایسی کوئی سوچ تھی، یہ صرف ایک اچھے آفیسر کو Promote کر کے، اسکی بہتر کارکردگی پر اسکو Promote کر کے As a DIG ڈی آئی خان بھیجا گیا ہے اور اس کو ایک موقع دیا گیا ہے کہ وہ بہتر کارکردگی دکھائے، تو صرف یہی وجہ تھی Otherwise کسی نے یہ افواہ پھیلا دی کہ فلاں نے ٹرانسفر کر دیا ہے یا کسی نے کر دیا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے، میں گارنٹی دیتا ہوں کہ اس میں کسی کی مداخلت نہیں ہے اور نہ کوئی مداخلت کر سکتا ہے۔ (تالیاں) تو میں ہزارہ کے عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ یہ اس آفیسر کے Future کا، مستقبل کا سوال ہے کیونکہ یہ ایک فورس ہے، اگر وہ صحیح اپنی ڈیوٹی پر نہیں گیا تو ہو سکتا ہے اسکو نقصان پہنچے گا، تو میں عوام سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ اس کو موقع دیں اور ایسے حالات نہ پیدا کریں جس سے حکومت کو بھی مسئلے بنیں اور عوام بھی پریشان ہوں، تو میں اپنے بھائیوں سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ چونکہ وہاں مسلم لیگ (ن) کی اکثریت ہے مانسہرہ میں تو اسکو ہینڈل کریں کیونکہ اگر سیاسی مداخلت بیچ میں آجائے تو یہ ہینڈل ہو سکتا ہے اور اگر کوئی نہیں کرنا چاہتا تو مجھے سمجھ نہیں آتی پھر حکومت کیسے چلے گی، پھر تو کوئی آفیسر ٹرانسفر ہو گا اور اس کیلئے لوگ نکل آئیں گے تو ایسے کام نہیں چلے گا، تو میں ابھی بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ بیشک ایک کمیٹی، ایک جرگہ بنا لیں، آئی جی صاحب سے مل لیں، اس سے ڈسکس کر لیں۔ میں بھی ان کو سپورٹ کرونگا کیونکہ ہم مداخلت نہیں کرنا چاہتے ہیں، اگر افہام و تفہیم سے یہ بات حل ہو سکے تو مجھے کوئی اس پر اعتراض نہیں ہو گا۔ میں آخر میں پھر ریکویسٹ کرتا ہوں اپنے بھائی سے کہ یہ اسمبلی کے بعد بیشک، ہمارے ساتھی بھی ساتھ چلے جائیں گے اور آئی جی سے ڈسکس کر لیں تو ہمارا یہ مسئلہ آسانی سے حل ہو سکتا ہے، کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ مہربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔

(قطع کلامیاں)

جناب سراج الحق {(سینیئر وزیر (خزانہ)}: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! کورم پورا نہیں ہے جناب۔

جناب قائمقام سپیکر: کورم پورا۔۔۔۔

سینیئر وزیر (خزانہ): پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی سراج الحق صاحب، پلیز۔

سینیئر وزیر (خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: میرے خیال میں کورم کی نشاندہی ہو چکی ہے، ذرا ایک دو منٹ کیلئے گھنٹی بجا دیتے ہیں جی۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

سینیئر وزیر (خزانہ): کورم پورا ہے ماشاءاللہ۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، محترم سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، میں ایک بہت ہی اہم مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ گزشتہ دس دنوں سے ٹیلی ویژن پر بھی اور اخبارات میں ایک محترم وزیر مملکت برائے پانی اور بجلی پریس کانفرنس بھی کر رہے ہیں اور ٹی وی ٹاک شوز پہ بھی خیبر پختونخوا کے حوالے سے یہ تاثر پھیلا رہے ہیں کہ اس ملک میں جو لوڈشیڈ نگ ہے اور خاصکر خیبر پختونخوا میں، اسکی بنیادی ذمہ داری خیبر پختونخوا کے عوام پر وہ ڈال رہے ہیں کہ یہ بلز نہیں دے رہے ہیں، یہاں Losses زیادہ ہیں اور بل مانگنے کے وقت یہاں کے لوگ بندوق اٹھا کر گھروں سے باہر نکلتے ہیں اور مسلسل مداخلت کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے انکے اپنے رجسٹر سے، انکے اپنے ریکارڈ سے، دفاتر سے ساری معلومات جمع کی ہیں کہ کیا واقعی خیبر پختونخوا کے عوام بل نہیں دے رہے ہیں اور اسکی وجہ سے لوڈشیڈ نگ ہے؟ جناب سپیکر! میں آپکے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ اس وقت ملک میں دس کمپنیاں ہیں جو بجلی کو تقسیم کر رہی ہیں اور اس میں عمومی طور پر پنجاب میں جو Losses ہیں یونٹس کے، وہ چھ ارب یونٹس Losses ہیں، یعنی چھ ارب یونٹس Losses پنجاب میں ہیں اور ساڑھے چھ ارب یونٹس Losses ہیں صوبہ سندھ میں اور خیبر پختونخوا میں صرف 3.37 بلین یونٹس کے Losses ہیں۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ سب سے زیادہ Losses صوبہ سندھ میں ہیں، پھر پنجاب میں ہیں اور اس کے بعد کم سے کم وہ صوبہ خیبر پختونخوا میں ہیں، تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے خیبر پختونخوا کے عوام کی حوصلہ شکنی بھی ہے، بدنامی بھی ہے اور میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارا جو کوٹہ ہے، وہ 2200 میگاواٹ بجلی کا ہے جبکہ ہمیں بجلی دی جا رہی ہے صرف

1200 میگاواٹ، جس کی وجہ سے ہمارے اس ملک میں اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے، ہمارے خیبر پختونخوا میں اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ ہے جس کو ہم Face کر رہے ہیں جس کی وجہ سے ہماری صنعتیں تباہ، اور ہمارے لوگوں کو زبردست تکلیف کا سامنا ہے، لہذا میں آپ کے ذریعے سے یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ محترم وزیر مملکت برائے پانی اور بجلی اپنے اس اعداد و شمار کی روشنی میں اپنے رویئے کو، اپنے بیانات کو، خیبر پختونخوا کے حوالے سے اپنے تاثرات کو ٹھیک کرلیں۔ ہم بھی عوام میں آگاہی پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ وہ بل ادا کریں لیکن مرکزی حکومت ہمارے حصے کی بجلی ہمیں دے دیں اور یہ جو ناروا غیر قانونی، غیر آئینی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ہے، اسکو بند کیا جائے اور میں عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ ہماری کوشش یہی ہے کہ ہم آئندہ مستقبل قریب میں لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے ایک جامع پالیسی ترتیب دینا چاہتے ہیں، مرکزی حکومت سے بات بھی کرنا چاہتے ہیں، بجلی کے ایشوز کو حل کرنا چاہتے ہیں لیکن اسطرح اخبارات میں، ٹی وی ٹاک شوز میں خیبر پختونخوا کو بدنام کرکے اس مسئلے کو اور خراب تو کیا جاسکتا ہے اسکی اصلاح نہیں کی جاسکتی۔ بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ جی منور خان صاحب پلیز، ایک منٹ سر۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، جی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: منور خان صاحب بات کرلیں جی، ایک منٹ سر۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر صاحب! آج مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اسمبلی ایک ایسا فورم ہے، اور حکومت کا ایک Responsible Minister جب اسمبلی کے فلور پر یہ بات کہہ دیتا ہے کہ یار یہ کام جو غلط ہوا ہے، اسکو ہم واپس کرلیں گے تو اسکے اس بات کہنے سے سارے ہال والے جو ممبران ہیں، وہ بھی مطمئن ہو جاتے ہیں کہ واقعی منسٹر نے یہ بات کہی ہے تو انشاء اللہ اسی طرح ہوگا۔ پچھلے دنوں سر، میں نے یہاں پہ اپنے ڈسٹرکٹ لکی مروت کے ڈی ایچ او کے بارے میں بات کی تھی سر، چیف منسٹر صاحب بھی اس وقت بیٹھے تھے، میں ذرا ان کی توجہ اپنی طرف دلانا چاہتا ہوں سر کہ وہاں پہ ڈی ایچ او جو کہ 19 سکیل کا بندہ ہوتا ہے اور مینجمنٹ کی طرف سے ہوتا ہے، اور وہاں پر ابھی جونیئر بندہ 18 سکیل کا ہے اور جنرل کیڈر کا بندہ وہاں پر بیٹھا ہے جو Totally جو لاء بنا ہے، اس کی Violation ہے سر،

توچیف منسٹر صاحب کے نالج میں اور شوکت یوسفزئی کے نالج میں جب میں نے یہ بات لائی، سپیکر صاحب! آپ بھی اس وقت یہاں Preside کر رہے تھے اپنی چیئر پر، تو فلور پر انہوں نے کہا کہ ہم یہ اپنا آرڈر Withdraw کر لیں گے سر، لیکن یہاں پہ ہمیں نہایت ہی افسوس کے ساتھ کہ اسی سمری کو چیف منسٹر صاحب نے، جو گئی تھی کہ مینجمنٹ والے بندے کی پوسٹنگ ہو جائے، تو سی ایم صاحب نے اس سمری کو Reject کیا ہے اور جس میں مجھے جہاں تک معلومات ہیں سر، کہ اگر اسی طرح اسمبلی کے فلور پر ایک Responsible Minister اور جب چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوں، اس قسم کی Violation ہوتی ہے اور اپنی بات وہ منواہی نہیں سکتے، اپنے اسمبلی ممبران کو Satisfied بھی نہیں کر سکتے تو اب آپ بیٹھے ہیں سر، تو ہم کدھر چلے جائیں، کس کی بات ہم مانیں؟ جب منسٹر ہمیں یہی کہتا ہے تو وہ اپنی بات نہیں منوا سکتا، تو مجھے تو کم از کم، میں آج اپنے اپوزیشن لیڈر سے بھی یہی، اپوزیشن بندوں سے بھی یہی کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر ہمیں بیٹھنے کی ضرورت ہے، یا تو منسٹر صاحب یہ کہہ دیں کہ ہماری نہیں سنی جاتی، پھر ہم بھی ان کی سپورٹ میں اسکے ساتھ بیٹھیں گے کہ جب منسٹر کی بات نہیں مانی جاتی اور سی ایم صاحب ڈائریکٹ اس قسم کی سمری Reject کرتے ہیں سر، تو میں اس سلسلے میں اپنے بھائیوں سے، اپوزیشن لیڈر سے یہاں پر میں ریکویسٹ کرونگا کہ اس سلسلے میں میرے ساتھ شامل ہو جائیں اور میں اس پر بطور احتجاج سب کے سامنے اور میڈیا کے سامنے بھی، میڈیا والے بھی اس وقت سارے یہ بات سن رہے تھے کہ یہاں پر انہوں نے بر سر عام کہا کہ ہم اس کو Withdraw کرتے ہیں لیکن ابھی تک انہوں نے وہ سمری کو دوبارہ Reject کیا اور وہی 18 والے بندے کو اس نے وہاں پر لگا دیا ہے سر، تو اس سلسلے میں احتجاج، اس ہال سے واک آؤٹ کرتا ہوں، سر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): سپیکر صاحب، جناب، تمام اپوزیشن کے بھائیوں سے ریکویسٹ کرونگا، منور خان صاحب، اس دن یہ ہیلتھ منسٹر صاحب ادھر ہی تھے، یہ بالکل صحیح کہہ رہے ہیں کیونکہ ان کا ڈیپارٹمنٹ ہے، مجھے تفصیل کا نہیں پتہ، میری ریکویسٹ ہوگی، ذرا انتظار کریں، وہ آجائیں کیونکہ یہ انہوں نے پہلے On the floor of the House commitment کی ہوئی ہے تو اس

کا جواب، ٹھوس جواب آپ کی Satisfaction کے مطابق ان شاء اللہ دینگے، واک آؤٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، تھوڑا سا انتظار کریں۔ جو میں بات کرنا چاہتا تھا سپیکر صاحب، میں سراج الحق کی بات کو Endorse کرنا چاہتا ہوں، یہ واقعی ٹی وی ٹاک شوز میں ایک Image بنایا جا رہا ہے جس میں ایسے لگتا ہے کہ جتنے اس صوبے کے لوگ ہیں، وہ سوائے بجلی چوری کرنے کے ان کا کوئی کام نہیں ہے، تو وہ تو سراج صاحب نے Clarification بھی دیدی ہے اور واپڈا نے اپنے 'آفیشل فگرز' دیدیئے ہیں۔ اس سلسلے میں جی، ضرور یہ کہنا چاہونگا کہ بجلی کے سلسلے میں سب سے بڑی قربانیاں بھی اس صوبے کی ہیں، صرف ہری پور، کچھ حصہ مانسہرہ اور کچھ حصہ غالباً صوابی کا بھی، تقریباً 85 سے زیادہ جو ہزاروں سال سے وہ گاؤں، ادھر لوگ رہ رہے ہیں، سو سالوں سے وہ صرف تربیلہ کی شکل میں Displace کئے گئے، اس ملک کیلئے قربانی دی اور اس صوبے نے دی ہے اور ان ڈسٹرکٹس نے دی ہے، ہری پور نے دی ہے، مانسہرہ نے دی ہے، صوابی والوں نے دی ہے تو آج جو یہ سارا سلسلہ بنا ہوا ہے، یہ ہمارے صوبے کے لوگوں کی قربانیاں بھی ہیں اور بہت بڑی قربانیاں ہیں اور یہ دو تین بڑے ڈیمز نہ ہوتے تو آپ ایک منٹ کیلئے Imagine کریں کہ اگر ڈیمز نہ ہوتے تو اس ملک کی کیا حالت ہوتی، آپ کی ایریگیشن کی کیا حالت ہوتی، آپ کا ہائیڈل جوجنریشن ہے، اس کی کیا حالت ہوتی اور اس کا نتیجہ یہ مل رہا ہے کہ بار بار ایک Image بنایا جا رہا ہے کہ اس صوبے میں ہر شخص جو ہے، وہ بجلی کی چوری کرتا ہے، یہ بہت ناجائز ہے، میں سراج صاحب کی اس بات کو Appreciate کرتا ہوں اور Endorse کرتا ہوں کہ اس قسم کے پروپیگنڈے سے باز رہنا چاہیئے۔ شکریہ جی۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی محترمہ مہر تاج روغانی صاحبہ۔

<u>محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود)</u>: شوکت صاحب کے Behalf پر And we were together in working committee of the Health، شوکت صاحب نے کہا کہ بہت ایمرجنسی ہو تو مجھے Call کرو، Otherwise he will be coming after Juma prayers, so if you want him now, I can call him, and if you want کہ Juma`s prayer کے بعد آجائیں، ورکنگ کمیٹی ہو رہی ہے ہیلتھ کی، پی سی میں، We were

together there, but Munawar Sahib! If you want him now or do not want him after Juma`s prayer?

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس وقت سر چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے تھے اور میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب نے شاید اس وقت ان کو ڈائریکشن بھی دی تھی کہ یہ اگر واقعی اس طرح کی بات ہے کہ جو جنرل کیڈر اور مینجمنٹ والے کی بات ہے پھر تو ٹھیک ہے یہ آرڈر Withdraw کرلیں لیکن ابھی میرے علم میں یہ بات آگئی ہے کہ دوبارہ اسی بندے کو انہوں نے وہاں پر رکھا ہے، جو 18 کا بندہ ہے اور جنرل کیڈر کا ہے، تو چیف منسٹر صاحب اگر اس کے بارے میں مجھے اس کی وضاحت فرمادیں تو پھر ٹھیک ہے سر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ کل ڈسٹرکٹ پریس کلب میں۔۔۔۔۔

(آواز سنائی نہیں دے رہی)

جناب قائمقام سپیکر: اورنگزیب صاحب! آپ کو اجازت دے دیتا ہوں لیکن اس کے بعد جو ہے تو ایجنڈے پر آتے ہیں، پھر اس کے بعد اگر آپ چاہیں ٹائم دیدیں گے ان شاءاللہ، ایجنڈا بہت زیادہ ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: (آواز سنائی نہیں دے رہی) بلکہ اس پر قاتلانہ حملہ اس حد تک ہوا کہ ابھی تک وہ ہسپتال میں پڑا ہوا ہے اور اسے ہوش نہیں آیا تو میں یہ گزارش کرونگا حکومت سے کہ اگر صحافی بھی اس تشدد کا نشانہ بنیں اور انہیں کوئی امن یا انہیں تحفظ فراہم نہ کر سکیں ہم، تو یہ ہمارے لئے بڑی تشویش کی بات ہے، میں گزارش کرونگا حکومت سے کہ فی الفور اس کے اوپر حملہ کرنے والے لوگوں کو بے نقاب کیا جائے اور پھر یوسف ایوب خان اور سراج الحق صاحب نے بجلی کی بات ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب صوبے کے لوگوں کا مسئلہ ہے، انہوں نے جو مرکزی حکومت کی توجہ دلائی ہے، انہیں یقیناً یہ توجہ دلانا چاہیئے اور کل چیف منسٹر صاحب وزیراعظم صاحب کے ساتھ تھے، انہوں نے وزیراعظم صاحب کو ضرور اس سے آگاہ کرنا چاہیئے تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح بجلی کی ذمہ داری مرکزی حکومت کی ہے، اسی طریقے سے صوبے کے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت بھی

ساتھ ساتھ اپنے فرائض سے آگاہ رہے اور جو صحافی کے اوپر تشدد ہوا ہے، اگر ایک صحافی تشدد سے نہیں بچ سکتا تو باقی لوگ کس طرح وہاں پر صوبے میں گزارہ کریں گے؟

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر شاہ فرمان صاحب۔ (مداخلت) یو منټ، دا معافی غواړم اصل کښې ایجنډا ډیره زیاته ده، کوشش دا کوؤ چې اول دې ایجنډې باندې راشو۔

سید محمد علی شاہ: سپیکر صاحب!

جناب قائمقام سپیکر: باچا صاحب خبره وکړی نو بیا به تاسو جواب ورکړئ۔ محمد علی شاه باچا۔

سید محمد علی شاہ: ډیره مهربانی، سپیکرصاحب۔ سراج صاحب جی چې کومه خبره وکړه د دې لوډشیډنګ باره کښې نو دا حقیقت دے چې ټول پاکستان کښې لوډشیډنګ دے او بیا خاصکر زمونږ صوبه کښې چې کوم حال شروع دے نو هغه زما په خیال داسې به په یو صوبه کښې حال نه وی، نو زما دا یو تجویز دے جی چې دلته مونږ ټول زور په چیف ایګزیکټیو باندې راولو جی نو زما دا یو ریکویسټ دے چې څومره سرکلز ایس ایز دی، هغه ایس ایز تاسو دلته رااوغواړئ جی او ایم پی اے صاحبان ورله رااوغواړئ او باقاعده شیډول ترې وغواړئ۔ اوس فرض کړه په یو سرکل کښې، په یو سب ډویژن کښې پینځه ګهنټې لوډشیډنګ دے، هغوی په مونږ باندې باره باره چوده چوده ګهنټې لوډشیډنګ کوی، نو چې یو شیډول راکړی او د هغې مطابق مونږ ته یو Proper دغه راکړی نو هغې سره به بیا، که فرض کړه د هغې شیډول نه زیات لوډشیډنګ کیدو نو بیا مونږ پوهه شه او هغه ایس ای او هغه ایکسیئن پوهه شه، خو کم از کم یو Proper طریقې سره مونږ ته یو شیډول پکار دے او دا یو اځې په چیف ایګزیکټیو نه کیږی، د هر سرکل ایس ای رااوغواړئ نو ایس ای به د دې دغه حل صحیح رااوباسی۔ مهربانی جی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ سردار بابک صاحب، پلیز۔

مولانا لطف الرحمان: سپیکر صاحب، یو منټ۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: لطف الرحمان صاحب۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر، یہ معزز ایم پی اے، یہ ہمارے منور خان صاحب، انہوں نے بات کی ہے اپنے حلقے کے حوالے سے، ایک ٹرانسفر کے حوالے سے، تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہر رکن معزز رکن ہوتا ہے اور اس کا وہ مسئلہ حل ہونا چاہیئے تو چیف منسٹر صاحب نے ان کے ساتھ وعدہ کیا تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب اگر اس کی وضاحت کر دیں ان کو، تاکہ ان کا مسئلہ جو ہے لگی کا، وہ حل ہو جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ سردار بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دلته په صوبه کښې د بجلۍ د لوډ شیډنګ خبره هم وشوه او بیا د مرکزی حکومت یا واپډا اینډ پاور د مرکز چې کومه محکمه ده، د هغوی خبره هم وشوه چې دلته بیا د هغوی دا اعتراض وو چې خدائے مه کړه دلته بجلی چې ده، هغه د بجلۍ غلا کیږی۔ زه دا ګنړم چې دیکښې هیڅ شک نشته چې بجلی فیډرل سبجیکټ دے خو زما یقین دا دے په ځائې د دې چې په تیر وختونو کښې په دې ګرمۍ کښې هم مونږ وکتل چې د صوبائی حکومت د طرف نه دا بیانات راغلل چې د بجلۍ د لوډ شیډنګ خلاف به مونږ جلوسونه کوؤ، هغه جلوسونو به مونږ لیډ کوؤ، زه دا ګنړم چې که مرکزی حکومت ته یا مرکزی محکمې ته دلته په یو ضلع کښې یا د ضلعې په یوه حصه کښې دا شکایت دے چې دلته د بجلۍ غلا کیږی نو په ځائې د دې چې صوبائی حکومت د دلته جلوسونه وباسی، په ځائې د دې چې صوبائی حکومتونه د دغې جلوسونو لیډ وکړی، بنه خبره دا ده، غوره خبره دا ده چې هغه منسټر صاحب سره کښینی د صوبائی حکومت نمائندګان او چې په کوم کوم ځائې کښې د بجلۍ غلا کیږی، دلته د ورته خپل سپورټ ورکړی، دا که د پولیس په ذریعه باندې وی، دا که په بله ذریعه باندې وی، په ځائې د دې چې بقول د مرکزی حکومت د صوبې په یوه حصه کښې د بجلۍ غلا کیږی او بیا د هغې نقصان ټولې صوبې ته کیږی یا د هغې بدل د ټولې صوبې نه اخستې شی نو زما یقین دا دے چې دا مناسبه خبره نه ده او دا هم مناسبه خبره نه ده، په دې صوبه کښې هم جمهوری حکومت دے او په مرکز کښې هم جمهوری حکومت دے، بیا جهګړه خو نه ده پکار، پکار دا ده چې دا صوبائی حکومت ډیر په سنجیدګئ سره د دې خبرې اعلان وکړی او د مرکزی حکومت نه تپوس وکړی چې د دې صوبې په کومه کومه حصه کښې غلا کیږی نو

دا صوبائی حکومت د هغه مرکزی حکومت ته یقین دهانی ورکړی چې دوئ به ورته ټهیک ټهاک سپورټ ورکوی، د غلو ملګری خو زما یقین دا دے چې هیڅوک نه وی په دې هاؤس کښې، چې اوس په یو کلی کښې یو سړے د بجلئ غلا کوی او ټول کلے د هغې نه متاثره کیږی نو زه دا نه ګنړم چې حکومت او یا په اپوزیشن کښې به څوک د هغه بجلئ چې څوک غلا کوی، د هغوی به ملګری وی نو زه غواړم دا چې صوبائی حکومت په ځائې د دې چې Wholly 100% د هغوی په اوږو باندې واچوی، پکار دا ده چې د صوبائی حکومت په Part باندې کومه ذمه واری جوړیږی چې هغه ذمه واری قبول کړی، مرکزی حکومت سره سنجیده خبره وکړی او زمونږ صوبه د لوډ شیډنګ د دې عذاب نه په دې شکل باندې خلاصه کړی۔ تاسو سپیکر صاحب، نن وګورئ چې دلته د کارخانو تصور خو بالکل ختمیدو طرف ته روان دے ، نوی سرمایه کار چې راځی نو ظاهره خبره ده چې دلته بجلی نه ملاویږی، د هغه څه کار دے چې هغه نوې سرمایه کاری کوی یا نوې کارخانه لګوی؟ نو بنه خبره دا ده، د دې صوبې په مفادو کښې خبره دا ده چې صوبائی حکومت د مرکزی حکومت سره ډیر په سنجیدګئ سره کښینی او دا مسئله د د صوبې د پاره سپیکر صاحب! حل کړی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ۔ مسٹر شاہ فرمان، پلیز، شاہ فرمان۔

جناب شاہ فرمان (وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ، جناب سپیکر۔ بڑا Important ایک Topic ہے، یہ بات کی گئی ہے کہ پشاور اور اس کے مضافات میں بجلی چوری ہو رہی ہے، میرے لیٹرز On record ہیں کہ میں نے خواجہ آصف صاحب کو کتنے لیٹرز لکھے ہیں اور انہوں نے میرے ساتھ ملاقات نہیں کی، میں اس کے پیچھے اسلام آباد گیا ہوں، اس کے سامنے یہ بات رکھنے کیلئے کہ حقیقت کیا ہے؟ منسٹر آف سٹیٹ آئے تھے، یہ بیان دیکر کہ بجلی چوری اور فیڈرز کا جو Care ہے، وہ پراونشل گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے لیکن اس بریفنگ میں اور اس پریس کانفرنس میں صوبائی حکومت کا کوئی بھی بندہ شامل نہیں تھا، کسی کو نہیں بلایا گیا۔ چوری کی روک تھام کیلئے ایف آئی اے سرگرم ہے، پراونشل گورنمنٹ کے کسی بھی محکمے کو نہ یہ اختیار دیا گیا ہے، نہ کسی کو Consult کیا گیا ہے، نہ ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ آپ یہ بجلی چوری روک دیں۔ اگر ہماری ذمہ داری نہیں بھی ہے تو اگر ہمارے اوپر ڈال دیں تو ہم خوشی سے کریں گے لیکن اب بجلی

چوری کہاں سے ہے، کیسے بجلی چوری ہوتی ہے؟ ہم نے چیف ایگزیکٹیو صاحب کو یہ بتایا کہ آپ کے ایکسیئنز نے پرائیویٹ ورکشاپس کھولے ہیں جس کے اندر وہ پیسوں سے لوگوں کے ٹرانسفارمرز ٹھیک کرتے ہیں، یہ چیف ایگزیکٹیو کو بھی پتہ ہے، یہ فیڈرل منسٹر کو بھی پتہ ہے اور یہ منسٹر آف سٹیٹ عابد شیر علی کو بھی پتہ ہے، پیسکو نقد کے اوپر بجلی بیچتا ہے کمرشل اینڈ پراونشل انڈسٹریل یونٹس کو، خود انہوں نے یہ چوریاں پکڑی ہیں، گرڈ سٹیشنز کے اوپر گئے ہیں خود انہوں نے یہ چوریاں پکڑی ہیں اور جب وہ جو کیش پر بجلی بیچتے ہیں اس کا بل Consumer کے اوپر ڈالتے ہیں، میٹر ڈسکنکشن Encourage کرتے ہیں تاکہ حقیقت کا پتہ نہ چلے، لوگوں کو یہ نہ پتہ چلے کہ بجلی کہاں چوری ہو رہی ہے؟ یہ ساری باتیں پیسکو چیف کے ساتھ ہم دس دفعہ کر چکے ہیں، ثبوت لا چکے ہیں، میں نے Protest lead کیا ہے، واپڈا ہاؤس کے اندر Protest کیا ہے As a Minister، کوئی بات نہیں چھپی ہوئی۔ فیڈرل منسٹر آتا ہے، منسٹر آف سٹیٹ آتا ہے، صوبائی گورنمنٹ کا کوئی بھی بندہ وہ نہیں بلاتا کہ اس مسئلے کا کیا علاج ہے لیکن پشاور کے اوپر یہ الزام لگانا کہ پشاور اور اس کے مضافات میں چوری ہو رہی ہے اور رمضان کے اندر بیس گھنٹے اور بائیس گھنٹے لوڈ شیڈنگ کرانے کی ایک وجہ مجھے سمجھ آتی ہے کہ گیارہ میں سے دس ایم پی ایز تحریک انصاف کے ہیں اور چار میں سے چار تحریک انصاف کے ایم این ایز ہیں، اس کے علاوہ اور مجھے کوئی وجہ سمجھ نہیں آتی کہ پشاور کے اوپر اتنا بڑا الزام کیوں لگایا جا رہا ہے؟ جب محکمے کے سامنے ہم اس کے ایکسیئن، ایس ایز، اس کا سارا سارا اسٹاف ثبوت کے ساتھ رکھتے ہیں، ریکویسٹ کرنے کے بعد چار کلاس فور، کلاس فائیو، گریڈ سیون کے بندے گرڈ سٹیشن سے ٹرانسفر نہیں ہو جاتے اور وہ مہینے کے آخر میں جا کر کیش Collect کرتے ہیں، سب کو پتہ ہے کونسی بات چھپی ہوئی ہے؟ میں اس بات کی پر زور مذمت کرتا ہوں، اگر عابد شیر علی یہ بات کرتا ہے کہ یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور ادھر آکر بریفنگ کرتا ہے، پریس کانفرنس کرتا ہے اور صوبائی گورنمنٹ کا کوئی بندہ اس کے ساتھ شامل نہیں ہے تو یہ میں اس حکومت کی بے عزتی سمجھتا ہوں۔ وہ ہمارے اوپر ذمہ داری بھی ڈال دیں اور ذمہ داری کے ساتھ اختیارات بھی ڈال دیں، ہمیں دیدیں، ہم تیار ہیں لیکن اختیار ہمارے پاس نہیں ہے۔ آپ نے انٹی کرپشن کیلئے واپڈا کے اندر ایف آئی اے کو Active کیا ہے، پولیس کے پاس یہ اختیار نہیں ہے کہ جا کر بندہ پکڑے اور الزام ہمارے اوپر لگایا جاتا ہے، پتہ ہے پیسکو کو کہ چوری کدھر ہو رہی

ہے، کون کر رہا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اگر فیڈرل گورنمنٹ، چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے ان سے بات نہیں کی ہے لیکن ان کی Permission سے میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہمیں ذمہ داری کے ساتھ اختیار دیا جائے تو ہمیں خوشی ہوگی، یہ ہم قبول کرنے کو تیار ہیں لیکن اگر وہ آکے ادھر پریس کانفرنس اور بریفنگ کریں، صوبائی حکومت کو Consult بھی نہ کریں اور اپنے محکمے کا دفاع کریں اور یہ الزام لگائیں کہ پشاور کے مضافات میں چوری ہو رہی ہے، پہلے یہ تو پتہ چلے کہ چوری کون کر رہا ہے؟ یہ میں اس کی مذمت کرتا ہوں، انتہائی افسوس کے ساتھ کہ میں دو دفعہ خواجہ آصف کے پیچھے اسلام آباد گیا ہوں، لیٹرز بھیجے ہیں، میرے ساتھ اس نے اس سلسلے میں ملاقات گوارا نہیں کی، نہ عابد شیر علی نے کی ہے، اگر مرکزی گورنمنٹ کا یہ رویہ رہا تو ہم افسوس کے علاوہ اور کیا کہہ سکتے ہیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

اراکین کی رخصت

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب راجہ فیصل زمان صاحب، جناب گوہر نواز خان صاحب، جناب افتخار مشوانی صاحب، جناب محمد رشاد خان صاحب۔

(تحریک منظور کی گئی)

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Acting Speaker: Malik Shah Muhammad Wazir, MPA, to please move his call attention notice No. 112, in the House. Malik Shah Muhammad Khan.

جناب شاہ محمد خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ بنوں کے تین بڑے ہسپتالوں میں ادویات اور مچھر دانیوں کی کمی ہے، غریب عوام کو مشکلات کا سامنا ہے لہذا حکومت سے درخواست ہے کہ تینوں بڑے ہسپتالوں کو ادویات اور مچھر دانیوں کو فراہم کیا جائے۔

جناب سپیکر! بنوں میں تین بڑے بڑے ہسپتال ہیں جو انسانی زندگی بچانے کی ایک اہم امید ہیں۔ جب میں نے یہاں Oath لیا تھا تو رات کے دو بجے، پہلے پہلے جب میں نے انسپکشن کیا تھا، تو ان

ہسپتالوں کا انسپکشن کیا تھا کیونکہ یہ دکھی انسانیت کی جگہ ہے اور اس میں جو مسائل ہیں، سٹاف کی کمی ہے، ڈاکٹروں کی کمی ہے، نرسنگ کی کمی ہے اور جتنی ایکسرے مشینیں ہیں جناب سپیکر، وہ ساری خراب پڑی ہیں، ان کی مرمت کرنی چاہیئے۔ خلیفہ گل نواز میں فارمیسی بند ہے جناب سپیکر، رات کے وقت جو مریض آتے ہیں ان کیلئے دوائی نہیں ہوتی ہے، چونکہ باہر کے جو میڈیکل سٹورز ہیں، وہ امن وامان کی وجہ سے سارے بند ہوتے ہیں تو مریض ایڑیاں رگڑ رگڑ کر رات گزارتے ہیں اور صبح جب ڈاکٹرز آتے ہیں کیونکہ سرکاری جو سٹاف ہے، وہ بھی رات کو، میڈیکل جو سٹور ہوتا ہے، وہ بند ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، سابقہ ادوار میں جو دوائیاں لی گئی ہیں، وہ قابل استعمال نہیں ہیں اور ہم حکومت کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ ابھی ایسی دوائی لینی چاہیئے جس کی کوالٹی اچھی ہو اور ان ہسپتالوں کو فوراً فراہمی کرنی چاہیئے اس کی۔ جناب سپیکر، بنوں میں مچھر دانیاں فراہم نہیں کی گئی ہیں، لہذا مچھر دانیوں کو فوراً فراہم کرنا چاہیئے کیونکہ Falciparum ایک ملیریا ہے جس نے بنوں میں ایک خاص وبائی شکل اختیار کی ہے، اس کے تدارک کا یہی ایک سبب ہے بیماری سے، تو میں التماس کرتا ہوں حکومت سے کہ یہ مسائل جو میں نے بیان کئے، ان پر فوری غور کرے اور اس ہاؤس کی وساطت سے حکومت سے التماس کرتا ہوں۔ بڑی مہربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر یوسف ایوب پلیز، یوسف ایوب صاحب۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب، شکریہ۔ سپیکر سر، آنریبل ایم پی اے کے جتنے تحفظات ہیں، محکمہ ہیلتھ کے اہلکار بیٹھے ہوئے ہیں، بدقسمتی سے منسٹر صاحب، کوئی ورکنگ گروپ کی آج میٹنگ ہے، اس میں مصروف ہیں، تھوڑی دیر میں آجائیں گے تو جو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے لوگ ہیں، جتنے ان کے Apprehensions ہیں، انہوں نے نوٹ کئے ہوئے ہیں، مچھر دانیوں کے بارے میں مختلف ہسپتالوں میں، یہ منسٹر تک بھی اور Concerned Secretary اور ڈیپارٹمنٹ تک پہنچائے جائیں گے اور اس کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ شکریہ جی۔

Mr. Acting Speaker: Thank you, ji. Mr. Gohar Ali Shah, MPA, to please move his call attention notice No. 115, in the House. Mr. Gohar Ali Shah, please.

جناب محمود جان: جناب سپیکر، جناب سپیکر، جناب سپیکر، جناب سپیکر! چونکہ تاسو ما آوری نہ نو زہ د اسمبلئ د کارروائی نہ واک آؤٹ کوم۔

(تالیاں)

Mr. Acting Speaker: Mr. Gohar Ali Shah, please. نشته Maulana Mufti Fazle Ghafoor, MPA.

مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ، جناب سپیکر۔ محترم جناب سپیکر صاحب، میں خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلع بونیر کے محکمہ تعلیم میں بی پی ایس 15 کے پی ایس ٹی اساتذہ کرام کے تبادلے میرٹ اور پالیسی کے خلاف ہوئے ہیں جس سے وہ اساتذہ کرام انتہائی متاثر ہوئے ہیں اور ساتھ ساتھ طلباء بھی نہایت متاثر ہو رہے ہیں، لہذا اس پر محکمہ تعلیم فوری طور ایکشن لیکر پالیسی اور میرٹ کے مطابق ان تبادلوں کو یقینی بنایا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، مونږ خو ډیر زیات خوشحاله وو چې دلته به د میرټ او د پالیسئ او د شفافیت خبرې کله کیدې نو مونږ وئیل چې زاړه کوم سیاسی روایات را روان دی، دا به چینج شی او د سیاسی انتقامونو سلسله به په دغه صوبه کښې په مختلفو محکمو کښې بنده شی خو جناب سپیکر صاحب، د ډیر وخت راهسې په مختلفو محکمو کښې بالخصوص په محکمه تعلیم کښې په ضلع بونیر کښې چې کوم د سیاسی انتقامونو سلسله شروع ده، د هغې یو جهلک زه صرف تاسو ته بنایم۔ سپیکر صاحب! چې د کومو اساتذه کرامو پروموشن وشو پندره سکیل ته او بیا هغوی په مختلفو سکولونو کښې ایډجسټ کول وو او د هغې د پاره ګورنمنټ پالیس ورله هم اناؤنس کړله او پالیسی هغوی دا اناؤنس کړله چې کوم 'سینیئر موسټ' اساتذه کرام دی، هغه به Facilitate کیږی۔ دا ما ته مخې ته جی د پالیسئ کاپی پرته ده، په دیکښې دا Clause 5 کښې لیکی چې Senior most PSET (B-15), SPST (B-14) and PST (B-12) according to the seniority list may be retained in the shools of their present posting and junior most may be transferred to other schools خو ډیر په افسوس سره زه دا خبره کوم جناب سپیکر صاحب چې په بونیر کښې څومره هم ټرانسفرې وشولې، هغه ټولې د پالیسئ او د میرټ خلاف وشولې۔ زه بطور مثال هغې کښې به تاسو ته یو څو نمونې ایږدم، نور ثبوتونه ما څان سره دا دی راوړی دی۔ جناب سپیکر صاحب، یو کس چې هغه په سنیارټی لسټ کښې 176 نمبر باندې دے، ایک سو چهتر باندې پکار دا دے چې دے Facilitate شوے وے، په

دغه خپل سکول کښې پرېښودلی شوے وے یا د هغه خپل سکول سره نیزدې پرېښودلے شوے وے، د هغه په ځائې باندې د هغه نه 327 نمبر وروستو کس یعنی 151 درجې لاندې جونیئر کس، هغه Facilitate شو او دے Suffer شو، انتهائی لرې ئے ورله ټرانسفر وکړو۔ وجه ئے صرف او صرف دغه ده چې د هغه تعلق، هغه چې کوم دے نو د حکمران جماعت سره نه دے او زه په دغه اهمه مسئله کښې د وزیراعلیٰ صاحب، د سی ایم صاحب توجه هم خپل طرف ته غواړم۔ محترم جناب چیف منسټر صاحب! ستاسو توجه چې کوم دے نو دې طرف ته غواړم، سی ایم صاحب او سره د ممبرانو صاحبانو۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: عسکر پرویز صاحب سے گزارش ہے، آپ ہاؤس 'ان آرڈر' رکھیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: حکومتی ترجمان جناب شاه فرمان صاحب توجه هم غواړم، محترم جناب شاه فرمان صاحب۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: تاسو Address کوئ جی، تاسو چیئر ته Address کوئ۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکرصاحب، دا کوم خلق دی، جناب سپیکرصاحب! زمونږ ایجوکیشن منسټر صاحب نشته دے، ظاهره خبره ده بیا به دوئ خامخا د دې دغه راکوی ما ته، جواب راکوی، نو یو سړے په 151 درجو کښې لاندې جونیئر دے، د میرټ خلاف هغه Facilitate شو او چې کوم سړے 151 درجې د ده نه سینئر دے، هغه Suffer شو، هغه ئے لرې وراوویشتو، زما سره جناب سپیکرصاحب! یو ډیر لوئے لسټ دے، که زه هغه شروع کړم زما په خیال باندې ډیر وخت به اخلی او دا لا څه جناب سپیکرصاحب، په هغې کښېDisable خلق، بیماران خلق، مریضان خلق معاف نه کړلی شو، تر دې پورې چې زنانه په هغې کښې معاف نکړلې شوې۔ دا زما سره یو ټرانسفر آرډر دلته پروت دے، خالده بنت فیض رسان صاحب چې دا د جی پی ایس کلپانړئ نه بیام درې ته او بیا هلته ئے دوه میاشتې وخت نه دے تیر کړے او په دوه میاشتې کښې دننه دننه د هغې پوسټنګ ئے شپږیشت میله لرې په غره کښې یو لرې ځائې ته چې کوم دے نو د هغې ټرانسفر وکړو۔ جناب سپیکرصاحب! دا د پښتو معاشره ده، که د یو سړی د چا سره هر څومره دشمنی وی کم ازکم د هغه د کور په زنانو لاس نه پورته کوی،

د هغه د کور په بچو لاس نه پورته کوی، د هغه په بوډا گانو باندې لاس نه پورته کوی او سیاسی انتقام کښې هغه زنانه هم نذر شولې او هغوی هم Suffer شولې لهذا زما به ریکویسټ دا وی، دا ټهیک ده چې ایجوکیشن ډیپارټمنټ ما ته په دې حواله باندې تسلی راکړه، مونږ به د دې انکوائری کوؤ او د هغې د پاره مونږ کمیټی جوړه کړله او د هغې به زر تر زره رپورټ راکوی خو جناب سپیکرصاحب! زما به ډیر مؤدبانه گزارش وی چې کم ازکم دغه سابقه روایات پریښودل پکار دی، د سیاسی انتقامونو چې کومه سلسله شروع شوې ده، دغه سلسله ختمول پکار دی او چونکه په دې کښې محکمې هغوی ما ته تسلی راکړله او اطمینان ئے راته راکړو، دلاسه ئے راته راکړله نو لهذا زه دغه خپل کال اټینشن د هغوی په تسلئ باندې او په اطمینان باندې واپس اخلم۔ ډیره شکریه۔

<u>جناب سردار حسین</u>: جناب سپیکرصاحب! دې سلسله کښې زما یو دوه گزارشات دی۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی، سردار بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریه، سپیکرصاحب۔ مولانا فضل غفور صاحب چې څنگه خبره وکړه او زما به ریکویسټ دا وی وزیر اعلیٰ صاحب ته که یو دوه منټه مونږ له ئے توجه راکړه نو ډیر زیات مشکور به یو د وزیر اعلیٰ صاحب۔ عنایت خان صاحب ته به زما دا ریکوسټ وی چې وزیر اعلیٰ صاحب، صرف دوه منټه۔ وزیر اعلیٰ!'سوری' سر سپیکر صاحب! څنگه چې مولانا صاحب خبره وکړه، مونږ په خپل دور حکومت کښې استاذانو ته، د ډسټرکټ کیډر استاذانو ته اپ گریڈیشن اور پروموشن پالیسی ہم نے دی ہے، پھر ساتھ ساتھ ہم نے 16 and above جو ہمارے ٹیچرز ہیں، پراونشل کیڈر، ان کیلئے ہم نے سروس سٹرکچر دیا ہے اور پھر جو چار درجاتی فارمولا ہم نے دیا ہے، ان ساری پالیسیوں کے ہوتے ہوئے پوسٹنگز کیلئے، ٹرانسفرز کیلئے ایک انتہائی واضح کلیئرکٹ پالیسی جو ہے، وہ موجود ہے، میں اس پر ڈیبیٹ بھی کر سکتا ہوں، سپیکر صاحب! بدقسمتی سے ضلع بونیر میں اور مجھے دوسرے اضلاع سے بھی معلومات آرہی ہیں لیکن بونیر کے حوالے سے صرف اس لئے بات کروں گا کہ آج مولانا صاحب نے بات کی ہے۔ نگران دور حکومت میں، یعنی جواپ گریڈیشن اور پروموشن کے حوالے سے پی ایس ٹی ٹیچر

جو پرائمری سکول ٹیچرز ہیں، سینیارٹی کی بنیاد پر جن لوگوں کو Accommodate کیا گیا، اسی حکومت نے آ کے، مجھے یہ بھی پتہ ہے کہ منسٹر صاحب کو معلوم نہیں ہے، منسٹر ایجوکیشن صاحب کو اس چیز کا نہیں پتہ اور نہ منسٹری کو معلوم ہے اور بدقسمتی سے آج منسٹر صاحب موجود بھی نہیں ہیں، جو منسٹر صاحب ہمیں جواب دینگے بونیر کے، انہی کے کہنے پر سیاسی انتقاموں کا انتہاء ہوا ہے انتہاء، میں ایک مثال دیتا ہوں، ایک مثال، میری Constituency میں ایس ای ٹی سائنس ایک استاد ہے، محمد صاحب اس کا نام ہے، پچھلے تین مہینوں میں سات مرتبہ اس کو ٹرانسفر کیا گیا ہے، سات مرتبہ، یہاں پر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے سپیشل سیکرٹری صاحب بھی موجود ہیں اور ڈائریکٹر صاحب بھی موجود ہے، میں نے تین چار دفعہ Verbally منسٹر ایجوکیشن سے بات کر لی ہے اور میں نے صرف اتنا کہا ہے کہ سارے صوبے میں ایس ای ٹیز اور ایس ایس آسامیاں بہت ساری خالی ہیں، اگر کوئی ایس ای ٹی سائنس جس گاؤں سے تعلق رکھتا ہو اور اسی گاؤں میں پوسٹ خالی ہو، چالیس میل دور اس کو ٹرانسفر کرتے ہو تو یہ انتقام نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ اسی طرح اور بھی بہت زیادہ مثالیں ہیں، یہاں پہ Ban لگا ہوا ہے، روزانہ کی بنیاد پر ہم یہ سنتے ہیں کہ ہم نے پوسٹنگ کیلئے ٹرانسفر کیلئے پالیسی بنانی ہے، ایم پی ایز اگر منسٹر کے پاس Application لیجاتے ہیں تو ان کو یہی کہا جاتا ہے کہ ابھی پالیسی بنی نہیں ہے تو پالیسی بنانے والے خود اپنی پالیسی کا انتظار نہیں کر رہے ہیں اور دھڑا دھڑ ضلعوں میں انتقامی کارروائیاں کر رہے ہیں، تو یہی انصاف ہے؟ اور پھر یہی کہا جاتا ہے کہ ایجوکیشن میں سیاست نہیں کرینگے، ایجوکیشن میں سیاسی مداخلت نہیں کرینگے، یہ جو پالیسیاں ہم نے بنائی ہیں، یہ میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ میں Being Minister of Education in the last government اس پر ڈیبیٹ کرنے کیلئے تیار ہوں کہ اگر اسی میں کوئی کمی ہے تو بیشک آپ کی حکومت ہے، اس کمی کو دور کیا جائے لیکن پچھلے چار مہینوں سے سروس سٹرکچر پر عمل نہیں ہو رہا، اپ گریڈیشن اور پروموشن کی جو ہم نے پالیسی دی ہے، اس کے برخلاف کام ہو رہے ہیں، تو کیا ممبران پھر اعتراضات نہیں کرینگے؟ اساتذہ کو جو انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے تو ان کے پاس دوسرا کونسا راستہ ہے؟ اپنے ایم پی اے کے پاس آئیں گے اور فیمیلز کو بھی نہیں دیکھتے، چن چن کر، چن چن کر سپیکر صاحب! چن چن کر بونیر میں، پتہ ہوتا

ہے منسٹر صاحب کو کہ اگر کسی کا تعلق جماعت اسلامی سے نہیں ہے تو چن چن کر Above the rule ان کو میلوں دور ٹرانسفر کیا جاتا ہے، میں ایک سکول کی مثال دیتا ہوں، ہائر سیکنڈری سکول نگرئی۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: سردار بابک صاحب، پلیز مختصر کریں۔

جناب سردار حسین: یہ سر جی، یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: بہت، بہت زیادہ ایجنڈا ہے اور۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: وقت اگر قیمتی ہے لیکن سپیکر صاحب، ایک پورے ہائر سیکنڈری سکول کو، اس یونین کونسل کی آبادی 50 ہزار ہے، چھ سبجیکٹ سپیشلسٹ اس سکول سے ٹرانسفر کئے گئے ہیں اور تین دن سے وہ سارا علاقہ جو ہے، وہ احتجاج پر ہے اور روڈوں پر نکلے ہیں۔ میں دوسرے سکول کی مثال دیتا ہوں، گورنمنٹ ہائی سکول اشاڑی جو میری Constituency میں ہے، ایک ہی دن میں تین اساتذہ کو اس سے ٹرانسفر کیا گیا ہے، ابھی ہائی سکول میں صرف ایک استاد کام کر رہا ہے۔ سپیکر صاحب! وزیر اعلیٰ صاحب کو بھی ریکویسٹ ہے، حکومت کو بھی ریکویسٹ ہے کہ آپ لوگ تو میرٹ پر کام کرینگے، اقرباء پروری نہیں کرینگے، انصاف کرینگے، مساوات کرینگے، ایجوکیشن میں سیاست نہیں کرینگے، ایجوکیشن میں مداخلت نہیں کرینگے تو میرے خیال میں آج عملی طور پر آپ لوگوں کو ثابت کرنا چاہیئے جو آپ کہہ رہے تھے، وہ کر نہیں رہے ہیں، جو آپ کہہ رہے تھے، اس کے برخلاف کر رہے ہیں تو عوام سراپا احتجاج ہونگے۔

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر محمود احمد خان صاحب، پلیز۔

جناب محمود جان: محمود جان۔

جناب قائمقام سپیکر: محمود جان صاحب، پلیز۔

جناب محمود جان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریه جناب سپیکر صاحب، بنه ده چې موقع مو راکړه راله، د بجلئ خبره کیده جی خو بدقسمتئ سره، دا بدقسمتی ده او که خوش قسمتی ده، زما حلقه کښې هم یو ډیم دے چې نامه ئے ورسک ډیم ده جی او هغه د پښتو متل دے، وائی د ډیوې د کونې لاندې تیاره ده، بجلی زما ورسک ډیم کښې پیدا کیږی او زما په خپله حلقه کښې بیس بیس، بائیس بائیس گهنټې لوډ شیډنگ کیږی نو د دې زه تپوس د چا نه

وکړم؟ د پښتنو روایت دے، وائی چې کله تا ته خپل حق نه ملاویږی نو په بله طریقه به ئے اخلو، هغه طریقې ډیرې دی خو افسوس په دې باندې راځی جی چې زما حلقې ته خپل حق نه ملاویږی ځکه چې دا رولز کښې هم شته چې کوم یو شے کوم ځائې کښې پیدا شی، ګیس، بجلی نو د هغه حلقې حق پرې کیږی، د بجلئ په مد کښې سنټر نه پیسې راځی، تیر حکومت کښې هم هغه پیسې پته نشته چې کوم ځائې ولګیدې، زه اوس دا ریکویسټ کوم چې د ورسک ډیم د پاره کومې پیسې مونږ ته، صوبائی حکومت ته ملاؤ شی، مهربانی د وشی دغه پیسې زما د PK-7 په عوامو باندې ولګوئ جی، د هغوی په Benefit باندې د ولګولې شی۔هغوی باندې چې کوم بقایا جات دی د بجلئ په مد کښې، هغه د پرې ختم کړے شی نو زما علاقې ته به پرې ریلیف ملاؤ شی او که دغه رنګې نه کیږی نو دا څنګه چې دوئ وائی غلا هم کیږی، ډاکې هم کیږی، کنډې هم اچولې کیږی نو چې ما ته خپل حق په صحیح طریقه نه ملاویږی نو زما کس، زما حلقې والا به کنډا هم اچوی، میټر به هم بندوی او هر یو کار به کوی نو دغه کښې بجلئ نه چې کومې پیسې راځی، دغه د زما د PK-7 عوامو له د یو ریلیف ورکړے شی۔ ډیره مهربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ، محمود جان صاحب۔حبیب الرحمان صاحب،پلیز۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! مونږ له د حبیب الرحمان خان جواب نه راکوی، په دې زمونږ اعترض دے، دا ټرانسفرې کړی هم دوئ دی-----

جناب قائمقام سپیکر: ځه جی بیا بهتر ده-----

جناب حبیب الرحمان(وزیر برائے زکواۃ وعشر): زه به جی جواب ورکړم۔

ایک رکن: Personal explanation, Rule 48 لاندې Rule 48 لاندې Personal explanation۔

جناب قائمقام سپیکر: چونکه دوئ سره-----

وزیر زکواۃ وعشر: جناب سپیکر صاحب!-----

جناب قائمقام سپیکر: چونکه دوئ سره Relevant ده نو ډیره بهتر دا ده چې دوئ، د دوئ جواب خو تاسو واؤرئ جی۔

وزیر زکواۃ وعشر: زه جی Rule 48 لاندې Personal explanation باندې دغه کول غواړم، دوئ دا ځکه وائی چې زه حقائق-----

جناب سردار حسین: وزیر اعلیٰ صاحب ناست دے، زمونږ هغه ته ریکویسټ دے چې مونږ له وزیر اعلیٰ صاحب جواب راکړی، مونږ له د سکندر شیرپاؤ صاحب جواب راکړی-----

وزیر زکواۃ وعشر: ګوره شور به نه جوړوې، خبره د کړې ده، خبرې به میدان کښې، ګوره جی خبره به، زه چې خبره وکړم جی، ګوره خبره زه واضحه کوم-----

جناب قائمقام سپیکر: سردار بابک صاحب! ستاسو په شور به-----

(شور)

وزیر زکواۃ وعشر: دا په شور باندې نه کیږی، جواب به زه درکوم-----

(شور)

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب! دلته کښې شوکت خان هم ناست دے، شیر پاؤ خان هم ناست دے، وزیر اعلیٰ صاحب هم ناست دے، شوکت خان د د دې جواب راکړی کنه-----

وزیر زکواۃ وعشر: که دوئ دا وائی چې دا Rule د ده، دغه ځان له قانون-----

(جناب سردار حسین، رکن اسمبلی بات کر رہے ہیں)

جناب قائمقام سپیکر: بابک صاحب، بابک صاحب، زه یو عرض کوم کنه جی، چونکه د Personal explanation خبره ده نو زه وایم چې تاسو واؤرئ۔

جناب سردار حسین: Explanation د بالکل وکړی خو مونږ له د جواب راکړی-----

(جناب سردار حسین، رکن اسمبلی بات کر رہے ہیں)

وزیر زکواۃ وعشر: زه به جواب ورکوم-----

(قطع کلامیاں)

جناب سردار حسین: مونږ له د وزیر اعلیٰ صاحب جواب راکړی، سکندر خان د جواب راکړی۔

جناب قائمقام سپیکر: درکوی به، هغه به هم درکوی خو تاسو اول د۔۔۔۔۔

(جناب سردار حسین، رکن اسمبلی بات کررہے ہیں)

جناب محمد علی(پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکرصاحب! یو منټ، جناب سپیکرصاحب! یو منټ۔

(جناب سردار حسین، رکن اسمبلی بات کررہے ہیں)

وزیرزکواۃ وعشر: زه ولاړ یم، ماته ئے فلور راکړے دے۔

(جناب سردار حسین، رکن اسمبلی بات کررہے ہیں)

جناب قائمقام سپیکر: جی آنریبل چیف منسٹر صاحب، پلیز۔

وزیرزکوۃ وعشر: یره جی چیف منسټر صاحب! ماته ئے پریږده چې زه وضاحت وکړم۔

جناب قائمقام سپیکر: آنریبل چیف منسٹر صاحب۔

(تالیاں)

جناب پرویزخٹک (وزیراعلیٰ): سپیکرصاحب! بابک صاحب ته ریکویسټ کوم چې Personal explanation باندې د هر چا حق دے چې هغه جواب ورکړی، باقی چونکه منسټر صاحب نشته دے ، هغه به تاسو ته تفصیلی جواب درکړی خو زه ایجوکیشن باره کښې تاسو ته وضاحت کوم چې بالکل مونږ نه غواړو چې چا سره زیاتے وشی، مونږ به پکښې Interference نه کوؤ او چونکه بدقسمتی دا ده چې بابک صاحب منسټر ایجوکیشن وو، زه نه یم خبر چې کوم پالیسیز دوئ جوړ کړی وو چې یره د ټرانسفر به څه پالیسی وی او د اپوائنټمنټس به څه پالیسی وی؟ هغه پالیسیز خو تیر شوی حکومت کښې زه هم ناست ووم، Implementation پکښې نه وو خو چونکه مونږ عوامو سره وعده کړې ده چې مونږ به بهترین تعلیم خلقو ته ورکوؤ، مونږ ان شاءالله تعالیٰ Next session کښې د ایجوکیشن د ټرانسفر

پالیسی راؤړو چې دې صوبه کښې د ټرانسفر دا سلسله هډو ختم شی چې نه ټرانسفر وی او نه غضب وی او نه دا بلا وی، نو دې د پاره مونږ دا پالیسی راؤړو چې کوم سکول کښې کوم سړے اپوائنټ شوے دے یا کوم ځائې کښې ټرانسفر شو، هم هلته کښې به هغه پروموټ کیږی، هلته به ریټائر کیږی (تالیاں) او د هغه پروموشن به دا نه وی چې هغه ریزلټ نه ورکوی سکولونو کښې نو هغه به پروموټ کیږی۔ نو هغې د پاره مونږ 5^{th} class او د 8^{th} class د 'بورډ ایګزام' شروع کوؤ چې په هغې ریزلټ باندې به هغه پروموټ کیږی، هغه ته به Incentive ملاویږی او کوم سکولونو کښې چې هغه استاذان ریزلټ نه ورکوی، د هغوی پروموشن به هم بندیږی، د هغوی هغه Incentive به هم نه ملاویږی۔ نو دا پالیسی راروانه ده ځکه چې که دا مونږ ونکړل نو زمونږ څه حق جوړیږی یا د ایم پی اے / منسټر څه حق دے چې هغه د استاد ټرانسفر کوی، هغه ته چا دا دغه ورکړے دے چې هغه د غریب بچے د په دغه سکولونو کښې سبق وائی، زما دې اسمبلئ کښې د هیچا ځامن، بچی په دغه سکولونو کښې سبق نه وائی نو څنګه مونږ دا اختیار ځان سره وساتو چې مونږ د استاد ټرانسفر کړو؟ نو دا یو ناجائزه خبره ده، هم دغه وجه ده چې مونږ دا پالیسی راؤړو چې دې سکولونو کښې پروموشن په ریزلټ باندې به وی۔د 5^{th} class بورډ ایګزام به شروع کیږی، د 8^{th} به شروع کیږی، 10^{th} already شته، چې هغوی ښه ریزلټ ورکوی نو هغوی به پروموټ کیږی، هغوی ته به عزت هم ملاویږی او د غریبانانو بچو ته به تعلیم هم ملاؤ شی ځکه چې شپیته کاله راهسې د دې سکولونو دا نتیجې وګورئ، صفر دی، د غریب بچې ترقی نه شی کولے۔ هغه بله ورځ مونږ اسلام آباد کښې میټنګ وو د ډی ایف آئی ډی، هغوی ته ما دا اووئیل چې تاسو مونږ ته اربونه روپئ راکړئ، ټول حکومتونه وائی چې مونږ ایجوکیشن باندې اربونه روپئ ولګولې او دومره ترقی مو ورکړه، څه ترقی ملاؤ شوه؟ د سکولونو ریزلټ خو صفر دے ، د غریب بچے خو تباه و برباد دے نو دې فنډونو لګولو څه فائده نشته۔ ما ته خلق وائی سکولونه راته جوړ کړه، زه ورته وایم چې کوم سکولونه چې دی، د هغې ریزلټ شته دے ، هغې کښې د بچو تعلیم شته دے ؟ هغې کښې غریبانان ناست دی او مونږ بوډونه لګوؤ چې سکولونه مو جوړ کړل، په

جناب قائمقام سپیکر: نہیں، کیا خیال ہے آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں سیشن کو Adjourn کر دوں؟

(قطع کلامیاں)

جناب قائمقام سپیکر: جی مسٹر عنایت اللہ خان صاحب، پلیز۔

وزیر بلدیات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، ہاؤس کو آرڈر میں کیا جائے، سر، ہاؤس، پلیز۔

جناب قائمقام سپیکر: آپ مہربانی کریں جی، آپ ہاؤس کو آرڈر میں رکھیں جی۔

وزیر بلدیات: سر، یہ بڑا Important مسئلہ ہے اور سچی بات یہ ہے کہ پہلی مرتبہ ایوان کے اندر ساری جو فیمیل اراکین ہیں، اپوزیشن اور ٹریژری بنچز کی، انہوں نے Unanimously ایک آواز سے اپنے

Right کیلئے بات کی ہے اسمبلی کے اندر (تالیاں) اور یہ سچی بات ہے کہ حکومت کیلئے بڑا Serious مسئلہ ہے، اس طرح نہیں ہے کہ ہم اس کو Ignore کر رہے ہیں، اس قسم کی Unanimous آواز کو کوئی بھی Ignore نہیں کر سکتا، خصوصاً ایک عوامی حکومت جو لوگوں کے ووٹوں سے منتخب ہو کر آتی ہے اور پھر اسمبلی کے اندر ممبران کی سپورٹ سے چلتی ہے، وہ اس قسم کی Unanimous آواز کو مسترد نہیں کر سکتی ہے لیکن میں نے پہلے جو عظمیٰ خان صاحبہ ہیں، اس کے ایک کال اٹینشن نوٹس کے جواب میں بھی کہا تھا کہ حکومتیں قواعد و ضوابط کے مطابق چلتی ہیں اور اسمبلی کے اندر فنانشل اور لیگل کو نسیچنز کے اوپر کوئی Blanket approval نہیں دی جا سکتی ہے، ایشورنس دی جا سکتی ہے اور ایشورنس پہ بات ہو سکتی ہے، اگر آپ پھر اس سے مطمئن نہ ہوں تو آپ کے پاس اسمبلی کا پلیٹ فارم موجود ہے، آپ دوبارہ اس بات کو اٹھا سکتے ہیں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ہمارا ایوان ہے، یہ Traditions پہ چلتا ہے، ہمارے اس صوبے کے اندر Traditions ہیں، حکومتوں کے Traditions ہیں۔ یہ پنجاب سے اور سندھ سے حکومتیں بھی مختلف ہوتی ہیں اور ہمارا ایوان بھی مختلف ہے، اس میں Past practices ہیں، ظاہر ہے ان ساری چیزوں کو ہم دیکھیں گے۔ میں جب ایم ایم اے کے دوران پراونشل کیبنٹ میں تھا تو مجھے یاد ہے کہ اس وقت خواتین ممبران کو پیسے دیئے جاتے تھے لیکن وہ Equal share جو Directly elected ممبران ہیں، انکا Equal share نہیں تھا، اگرچہ اس میں پرابلمز آ رہے تھے، اس کی Implementation میں کچھ پرابلمز آ رہے تھے اور اس میں فنڈز بھی Lapse ہوتے رہے، اس میں فنڈز کی Abuse اور Misuse بھی ہوتی رہی لیکن ظاہر ہے یہ جو فنڈز کا Lapse اور Abuse اور Misuse، یہ دلیل نہیں ہے کہ ان کو فنڈ نہ دیا جائے۔ ان کی ایک Specific constituency تو نہیں ہے لیکن خواتین بحیثیت مجموعی صوبے کی ان کی Constituency ہے اور یہ اس کو Represent کرتی ہیں، میں ان کے اس Right کو اس آواز کو سپورٹ کرتا ہوں (تالیاں) لیکن کیا چیز، کتنے پیسے ان کو دیئے جائیں، کس طریقے سے ان کو دیئے جائیں؟ یہ چیزیں جو ہیں، یہ Decision حکومت کو اور جو ہماری فنانشل ریگولیٹری باڈیز ہیں، ان کو مل کر کرنے دیں اور اس وقت تک پی ٹی آئی کی یعنی چیف منسٹر صاحب کی طرف سے ڈائریکٹیو شاید آچکا ہو لیکن اس کو Implement نہیں کیا گیا ہے۔ جو اخبار کا حوالہ دیا گیا ہے، اس

قسم کا کوئی ڈائریکٹیو Implement نہیں ہوا ہے بلکہ میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ جو 99 Elected ممبران ہیں، میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ اس ایک کروڑ روپے کے علاوہ کسی ممبر کو کوئی بھی پیسہ ریلیز نہیں ہوا ہے، ابھی تک ڈائریکٹ اور وہ بھی Specifically بجلی کیلئے، بجلی کا جو مسئلہ تھا، ٹرانسفارمر کا جو ایشو تھا، اس کیلئے ریلیز کیا گیا ہے۔ اس لئے میری ریکویسٹ ہے کہ صبح سے ہم کال اٹینشن نوٹسز کے اوپر، پوائنٹ آف آرڈرز کے اوپر اسمبلی کی جو Main business اور ایجنڈا ہے، وہ ابھی تک Delay ہو رہا ہے، میری آپ سے ریکویسٹ ہے کہ میری اس ایشورنس کے بعد آپ ان کو ایجنڈے پہ لے آئیں، بڑی Important دو لیجسلیشنز ہیں، وہ ہمارے اس ہاؤس کا بنیادی اور Preliminary کام ہے، اس سے ہماری توجہ ہٹ رہی ہے اس لئے میری گزارش اور درخواست ہے کیبنٹ کے ممبر کی حیثیت سے کہ اس ایشورنس کے بعد ان کو اپنا یہ جو احتجاج ہے، یہ ختم کرنا چاہیے اور اب ہاؤس کو آگے ایجنڈے کے مطابق میری ریکویسٹ ہے کہ چلائیں۔ تھینک یو، سر۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: مائیک آن کریں جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر، آپ کا بہت شکریہ۔ آپ نے بہت تحمل مزاجی سے اور بہت بردباری سے ہماری ہر بات کو سنا اور آپ نے یہ Realize کیا کہ ہم سب، اور میں عنایت اللہ صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں، محمد علی شاہ باچا کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں، سردار بابک صاحب کا بھی، یہاں پہ جتنے، لطف الرحمان صاحب کا بھی اور تمام ہال کا، اور مفتی سید جانان صاحب نے ہمارے لئے جو بات کی ہے، وہ ہمارے لئے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دیکھیں یہ ایک ایک کروڑ روپے کی جو بات انہوں نے کی ہے، یہ بجلی کی رائلٹی اور گیس کی رائلٹی کی بات ہوئی ہے، سر! میں صوابی کے کچھ ایسے حلقوں کو جانتی ہوں کہ جہاں پہ تین مردوں کو تو رائلٹی کے وہ دیدیئے گئے ہیں لیکن چونکہ وہاں پہ یہ بتایا جا رہا ہے کہ وہاں پہ عورتوں کو رائلٹی کے بارے میں کچھ بھی نہیں ملے گا کیونکہ وہ خواتین ہیں، جناب سپیکر! اگر آپ آرٹیکل 25 کو دیکھیں تو اس میں آئین ہمارا یہ کہتا ہے کہ جنس کی بنیاد پہ آپ بالکل یہ Discrimination نہیں کر سکتے ہیں اور دوسری پرسنل جو میں بات کروں گی کہ ہم کسی کو اجازت نہیں دیں گے کہ وہ ہمارا فنڈ ہماری

مرضی کے بغیر، کیونکہ پورا صوبہ جس طرح مرد حضرات آتے ہیں، ہمارے پاس بھی گیلریز میں اٹھارہ لوگ بیٹھے ہوتے ہیں، ہم سے توقعات کرتے ہیں اور جناب سپیکر! یہ تین جوڈیڈک کی ممبرز بنی ہیں، یہ یعنی لوگوں کو فنڈ دیں گی اور خود کہیں گی کہ ہمارے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے، جناب سپیکر صاحب! یہ ایک ایسی بات ہے کہ جو ہمارے لئے ناانصافی کی بات ہے۔ مجھے آپ کی رولنگ چاہیے کہ جب ووٹ آتا ہے سپیکر صاحب کیلئے، ڈپٹی سپیکر صاحب کیلئے، چیف منسٹر صاحب کیلئے تو عورت کا ووٹ ایک ہی کاؤنٹ ہوتا ہے، اس کو نصف پہ نہیں لاتے ہیں لیکن جب فنڈز کا معاملہ آتا ہے، جب کلاس فور کا معاملہ آتا ہے، جب کوئی اور بات آتی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ جی یہ تو Constituency ان کی اتنی بڑی ہے، تو یا تو ہم ایک قرارداد لاتے ہیں، آپ یہاں سے مینارٹی کو بھی اور آپ یہاں سے خواتین کی نشستوں کو جو ہے، وہ ختم کردیں اور یہاں پہ ہمیں اپنی پارٹی سے پھر 50% کے حساب سے جنرل الیکشن میں پھر مرد اپنی سیٹوں کی قربانی دے گا اور جہاں پہ عورت Capable ہوگی، وہ پھر الیکشن لڑے گی اور پھر مرد الیکشن نہیں لڑے گا، میں آپ سے صرف انصاف کی توقع کرتی ہوں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔

جناب فضل حکیم: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی جی، مائیک آن کریں۔

(قطع کلامیاں)

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر، مائیک خو زما والا آن شو، زه۔۔۔۔

جناب فضل حکیم: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ زمونږ هغه خویندې لکه واقعي ډیرې د جنون جذباتو دغه ئے وکړو، نن زمونږ نګهت صاحبې یو ډیره ښکلې خبره هم وکړه چې یره درې د ډیډک چیئرمینانې دی، زه د دې ډیره زیاته شکریه ادا کوم چې هغې تسلیم کړې، دا هم ډیره ښه خبره ده، پرون ئے نه تسلیمولې نن ئے تسلیم کړې نو زه تاسو ته مبارکباد درکوم چې تاسو خو واؤریدل ښه ټهیک ټهاک وائی، نو تسلیم شوئ۔ بله مونږ دا خبره کوؤ د دوئ په باره کښې چې حقیقت خبره ده زنانه کمزورې وی، تور سرې وی، باقاعده طور

باندې د دوئ سره د انصاف وکړے شي۔ (شور اور قطع کلامیاں) د دوئ سره، د دوئ سره د انصاف وکړے شي (شور اور قطع کلامیاں) او خامخا دا زمونږ خویندې دی، مونږ د دوئ سره ولاړ یو، (شور) مونږ د دوئ سره ولاړ یو، ټهیک ټهاک خبره ده۔۔۔۔

(قطع کلامی)

(خاتون رکن اسمبلی، نگہت اورکزئی کی مسلسل مداخلت)

جناب فضل حکیم: ته خو لږ خبره ټوله اوره کنه، په څان کښې دومره جنون مه پیدا کوه، لا څوانه نه ئې، بوډهئ شوې ئې، (قطع کلامی) ته به لږ جنون نه،(قطع کلامی) لږه کښنینه، لږې اوبه وڅښکه، ټهیک ټهاک کښنینه، (قطع کلامی) ته خو لږ کښنینه خبره خو واؤره، (قطع کلامی) ته خو لږ خبره واؤره، ته خو کښنینه خبره واؤره، پوره خبره واؤره، (قطع کلامی) ته خبره واؤره، ته کښنینه، گوره خبره واوره کښنینه۔ زما دا عرض دے جناب سپیکر صاحب، واقعی خبره ده زمونږ د پښتنو په روایت کښې دا دی چې د زنانوُ ډیر احترام عزت کوی، د دوئ حق د دوئ ته ملاؤ شی، د دوئ حق د دوئ له ورکړے شی، که فرض کړه د دوئ دا نه کیږی، زمونږ په علاقه کښې پکار دا دے چې زمونږ په فنډ کښې د هغوی پوره حصه شی چې مونږ د هغوی په مشاورت باندې کار وکړو، هغوی سره کښینو چې د هغوی څه نمونه سسټم وی، هغه مونږ وکړو، د هغوی څه مسائل وی، هغه ان شاء اللّٰه تعالیٰ هم په اتفاق، اتحاد باندې حل کړو خو چونکه خبره دا ده چې د دوئ حق د دوئ ته ملاؤ شی او انصاف د ورکړے شی۔ ان شاء اللّٰه د پی ټی آئی حکومت دے او پی ټی آئی حکومت کښې به ان شاء اللّٰه چرته بې انصافی نه کیږی خو لږ په جذباتو خبره مه کوئ، غټې سینې ساتئ د قوم نمائندگان یئ، جنون په هر ټائم کښې مه کوئ، سنجیده خبرې کوئ، دا ضروری خو نه ده لاړه لاړه او یو غر او دا مه کوئ لږ، ښه سنجیده خلق یئ نو ان شاء اللّٰه تعالیٰ مونږ په هر حالات کښې ستاسو ملگری یو۔ ډیره مننه، ډیره شکریه۔ Thank you very much.

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ۔

خیبر پختونخوا احتساب بل مجریہ 2013 کا مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جانا

Mr. Acting Speaker: The honourable Minister for Law on behalf of honourable Chief Minister, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab Bill 2013, may be taken into consideration at once. Honourable Minister for Law, please.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، یہاں پہ ہیلتھ منسٹر بیٹھے ہیں اور مجھے اس سوال کا جواب دیں جو میں نے کیا تھا۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے، ایجنڈا، بزنس ختم ہو جائے، میں۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جی مجھے پہلے جواب دیدیں۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: میں نے پہلے ایجنڈے کا کہہ دیا ہے، آپ مہربانی کرکے، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: مجھے اس کا جواب دیں پلیز، یہ ضروری ہے۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کو جواب ملے گا، آپ کو جواب ملے گا جی۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہ بہت ضروری ہے کیونکہ ہم شوکت یوسفزئی صاحب کا انتظار کر رہے تھے، اب وہ آگئے ہیں۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: میرے خیال میں بہتر ایسا ہو گا، یوسفزئی صاحب! آپ کیلئے پینڈنگ ہے یہ، میڈم کو پتہ ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: (آواز سنائی نہیں دے رہی) جناب سی ایم صاحب نے سمری Reject کی ہے، میرے نالج میں یہ بات آئی ہے، کم از کم اس کی وضاحت کریں جی۔

جناب قائمقام سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): مجھے نہیں پتہ کہ آپ کے فرشتے بہت تیز ہیں، آپ کو پتہ چل گیا ہے کہ سمری Reject، ایسی کوئی سمری Reject نہیں ہوئی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ جو کمٹمنٹ کی ہے، اس پر ہم قائم رہیں گے، حکومت کبھی بھی اپنی کمٹمنٹ سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔ (تالیاں) یہاں پہ ہم

میرٹ کی بات کرتے ہیں تو میرٹ میں اگر کہیں بھی کوتاہی ہوتی ہے تو مجھے بتائیں، ان شاءاللہ میرٹ کے خلاف کوئی کام نہیں ہوگا۔

جناب قائمقام سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر! اگر پہلے آپ ہمیں اجازت دیں کہ ہم اس پر بات کریں کیونکہ۔۔۔۔۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): تھینک یو، سر (شور) سر میرے خیال میں اگر ہاؤس In order ہو جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: آپ پلیز تھوڑا تشریف رکھیں، ان شاءاللہ ٹائم دیتا ہوں پھر جو بھی۔۔۔۔۔

جناب لطف الرحمان: یہ اسی احتساب پر بات کرنا ہے، سر اگر پہلے۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: وہ پیش کرلیں پھر بات کریں جی ان شاءاللہ آپ کو ٹائم دیتے ہیں۔

وزیر قانون: سر، اپوزیشن کے جو ہمارے ممبران ہیں، بریک کے دوران انہوں نے ہم سے اس سلسلے میں یہ بات کی ہے کہ چونکہ آج یہ دو بلز ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان میں کچھ امنڈ منٹس بھی آئی ہیں اور ہو سکتا ہے کہ آج اجلاس بھی چونکہ آگے عید کی چھٹیاں ہیں، ملتوی ہو جائے تو ان میں اکثر پارلیمانی لیڈر یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم اس کو سلیکٹ کمیٹی کو بھیج دیں، انہوں نے میرے ساتھ بھی ڈسکس کیا تھا اور شاید اسی سلسلے میں یہ کچھ کہنا چاہتے ہیں تو اگر آپ ان کو سننا چاہتے ہیں، مجھے اس پہ کوئی اعتراض نہیں، پھر جب یہ بات کرلیں گے تو میں اس پہ پھر بات کرلوں گا۔

جناب قائمقام سپیکر: جی مولانا لطف الرحمان صاحب۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ آپ کا۔ جناب سپیکر، اس اسمبلی میں دو اہم بلز پیش کئے گئے ہیں اور اس کے ساتھ پورے صوبے کا مسئلہ جڑا ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بلز تو علیحدہ علیحدہ موقعوں پہ پیش ہونے چاہئیں لیکن چونکہ اب پیش ہو گئے ہیں، سب سے بڑا مسئلہ بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے ہے، بلدیاتی نظام کے حوالے سے ہے اور جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

اراکین: احتساب بل، احتساب بل۔

جناب قائمقام سپیکر: احتساب بل۔

جناب لطف الرحمان: احتساب بل کے حوالے سے، میں اصل میں چونکہ دونوں بلز کے بارے میں بات کرناچاہتا تھااوراس لئے پہلے۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: جی پلیز۔

جناب لطف الرحمان: تو میں بلدیاتی بل کے حوالے سے پہلے بات کرلیتاہوں۔ دراصل جناب سپیکر، اس بلدیاتی نظام کو ہمیشہ ضرورت پڑی ہے تو وہ ڈکٹیٹرز کو پڑی ہے، ڈکٹیٹرز کو پڑی ہے لیکن کچھ ناگزیر حالات کی وجہ سے یہ بلدیاتی نظام آرہاہے اور چونکہ اس میں پورے صوبے کا مسئلہ ہے اور اس کو نیا نظام ہم دینے جا رہے ہیں، ہم نے پہلے بھی بات کی تھی کہ ہمارا یہ ملک، یہ ہماراصوبہ تجربوں سے گزر رہاہے، پچھلے عشرے میں جب مشرف کی حکومت تھی تو ہم نے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کئے اور پھر اس کے بعد یہ جو حکومت پچھلی گزری ہے اور اس حکومت اور اس اسمبلی نے سمجھا کہ یہ اختیارات واپس مرکوز ہونے چاہئیں صوبے کی طرف تو پھر وہ صوبے کی طرف چلے گئے اور آج پھر یہ بل پیش ہو رہاہے اور پھر یہ اختیارات نچلی سطح تک جانے کیلئے یہ بل پیش ہواہے تو میں سمجھتاہوں کہ ایک تو ہمارا یہ صوبہ تجربہ گاہ بناہواہے اور تجربوں سے گزر رہاہے تو اس پہ سنجیدگی سے ہم نے غور کرناہے اور یہ ہمارے پورے صوبے کا مسئلہ ہے، ہر ڈسٹرکٹ کا، ہر یونین کونسل کی سطح تک کا مسئلہ ہے تو ہمیں اس کو بڑی سنجیدگی سے سوچنا چاہیئے، اس پر بحث ہماری آپس میں ہونی چاہیئے اور پھر ہم جو صوبے کیلئے اس کے بہتر مفاد میں سمجھتے ہیں کہ یہ بل اب اسمبلی میں جانا چاہیئے تو ہم یہ ریکویسٹ کریں گے اور یہ ہماری گزارش ہوگی کہ یہ دونوں احتساب بل اور بلدیاتی نظام کے حوالے سے جو بل ہے، وہ سلیکٹ کمیٹی کو بھیجے جائیں اور اس پہ غور وخوض ہو اور پھر اس کے بعد اسمبلی میں آئیں، تو پھر اس کے بعد اگر ہم اس کو پاس کریں گے تو میرے خیال میں یہ پوری اسمبلی ان شاءاللہ اس کو سپورٹ کرے گی اور پھر اس پورے صوبے کیلئے قابل قبول ہوگا۔ تو یہ ہماری ریکویسٹ ہے، درخواست ہے اور ہماری اس سلسلے میں Concerend Minister سے اور ہمارے لاء منسٹر صاحب سے اور سکندر شیر پاؤ صاحب سے بھی بات ہوئی ہے اور انہوں نے یہ Agree کیا ہے کہ ہم اس کو کمیٹی کیلئے، ہم تیار ہیں، اگر کمیٹی بنائی جائے تو ہماری یہ ریکویسٹ ہے کہ کمیٹی بنائی جائے۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: دونوں کی جانب سے۔

جناب لطف الرحمان: دونوں کیلئے، دونوں ایک ہی کمیٹی میں ان شاءاللہ ہو سکتے ہیں،۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: میں اسرار۔۔۔۔۔

جناب لطف الرحمان: میٹنگز الگ الگ ہو سکتی ہیں لیکن کمیٹی وہی ایک ہی ہونی چاہیئے اس کیلئے، تو یہ۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: میں اسرار گنڈا پور صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ پہلے اس بل کو آپ موؤ کر لیں، پھر اس کے بعد کیونکہ یہ ڈسکشن میرے خیال میں اس پہ Legally ٹھیک نہیں ہے اور پھر اس کے بعد۔۔۔۔۔

وزیر قانون: سر، میرے خیال میں اگر ہم اس کو کمیٹی میں لیکر جاتے ہیں تو میرے خیال میں پھر تو موؤ کرنے کی ضرورت اس میں نہیں ہوگی۔

جناب قائمقام سپیکر: موشن آپ تو موؤ کریں گے۔

وزیر قانون: موشن سر، پھر سلیکٹ کمیٹی میں بھیجیں گے نا کیونکہ سر اس میں جہاں تک 82 کے تحت موشن ہے، میری سر، یہ گزارش ہے کہ اگرچہ اس میں جن کی امنڈ منٹس آئی ہیں، وہ ہمارے ممبران صاحبان یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ وہ اس پہ اپنے Points raise کرتے اور ہم اس کا جواب دیتے جس کیلئے ان شاءاللہ گورنمنٹ تیار ہے لیکن چونکہ ایک ماحول اس قسم کا پایا جاتا ہے اور اپوزیشن کے جو ہمارے دوست ہیں، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ایک بل ریفر ہو سکتا ہے تو دوسرا کیوں نہیں، تو میں سر یہ سمجھتا ہوں کہ دونوں کے جو Contents ہیں، اگرچہ مختلف ہیں لیکن اس کے باوجود ہم نے ان کی رائے کا ہمیشہ احترام کیا، Right to Information کے وقت بھی ایسے تھا کہ گورنمنٹ یہ سمجھتی تھی کہ ہم اسکو Defend کر سکتے ہیں اور Through reasons and arguments کر سکتے ہیں لیکن Better sense یہ تھی کہ ہم اس کو لیکر جائیں اور ابھی بھی اگر ہمارے اپوزیشن کے ممبران صاحبان یہ سمجھتے ہیں کہ اس کو کمیٹی میں ہم لے جائیں تو گورنمنٹ کا سر، اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، تاہم میری یہ گزارش ہوگی کہ جب ہم اس کو کمیٹی میں لیکر جائیں تو اس کیلئے جو موشن ہے، وہ بھی آپ اسی اجلاس میں Allow کریں تاکہ اس کیلئے پھر ہم باقاعدہ وہ کمیٹی بھی Constitute کر لیں کیونکہ ہمارا جو اگلا اجلاس ہوگا، شاید پھر وہ

اکتوبر میں ہے ہی نہیں، نومبر میں جا کر کہیں اجلاس ہوگا، اس دوران پھر ہم وہ ٹائم بھی ان شاءاللہ Utilize کرلیں گے۔ سر، اس کے ساتھ میں موشن پیش کرتا ہوں:

I rise to move that the Ehtesab Bill, 2013, the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab Commission Bill, 2013 may be referred to the Select Committee.

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the Bill be referred to the Select Committee. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is referred to the Select Committee. Now the honourable Minister, to please move for constitution of the Select Committee under sub rule (ii) of rule 86 of the Rules of Procedure. Honourable Minister, please.

Minister for Law: Thank you, Sir. Sir, I rise to move that the following members of the Select Committee may be allowed by this august House: Mr. Sadar Hussain Babak Sahib; Sardar Mehtab Ahmad Khan Sahib; Maulana Lutaf ur Rehman Sahib; Mr. Muhammad Ali Shah Bacha Sahib; Anisazeb Tahirkheli Sahiba; Shahram Khan Tarakai Sahib; Siraj ul Haq Sahib; Yousaf Ayub Sahib.

Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the Select Committee, proposed by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it.

Under the rule میرے خیال میں چھ سے زیادہ آپ کو Permission لینا ہوگی۔

وزیر قانون: وہ Already اگر آپ Relevant rule دیکھ لیں، وہ میری نظر سے گزرا تھا سر، وہ یہ کہ Provided that the Select Committee shall not, except with the leave of the Assembly، تو سر جب میں موشن لاتا ہوں تو I hope, I have the leave of the assembly.

جناب قائمقام سپیکر: بس آپ لے لیں جی، ٹھیک ہے۔

وزیر قانون: سر، میرے خیال میں In relaxation of these rules چونکہ یہ آپ نے جو، میں نے موشن موؤ کی ہے (2) 86 کے تحت اور اسکے بعد یہ جو Proviso ہے، یہ بھی (2) 86 کا حصہ ہے

I have the leave of the assembly. Thank you.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں مجریہ 2013 کا مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جانا

Mr. Acting Speaker: Okay. The honourable Minister for Local Government, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government Bill, 2013 may be taken into consideration at once. Honourable Minister for Local Government, please.

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): تھینک یو، سر۔ اس کے اوپر جو لوکل گورنمنٹ ایکٹ ہے، اس نے اسمبلی کے باہر اور اندر ایک Intense debate generate کی ہے اور Probably it`s because of the importance of the law اور اپوزیشن اور Party in power، پرنٹ الیکٹرانک میڈیا اور سول سوسائٹی سب اس میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ سر، ہم نے اس لاء کو، یہ جو ڈرافٹ ہے، اس کو تیار کرنے میں بڑی محنت کی ہے، میں اس کا بھی اعتراف کرتا ہوں کہ جب اس کو اسمبلی میں Table کیا گیا ہے تو اپوزیشن کے ممبران نے اس میں بڑی دلچسپی Show کی ہے اور یہ میرے لئے Encouraging ہے، میں نے ان کی امنڈ منٹس Last night ساری دیکھ لی ہیں اور میں نے ایک ایک امنڈ منٹ پہ اپنا Response جو تھا، وہ بھی Develop کیا تھا۔ یہ کوئی 37 امنڈ منٹس جو ہیں، 36 امنڈ منٹس اس میں موو ہوئی ہیں اور میری اپوزیشن چیمبر میں Informally بھی ان سے ڈسکشن ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو امنڈ منٹس موو ہوئی ہیں اسمبلی کے فلور پہ، ان کو جواب بھی دیا جا سکتا ہے، ان کو Explain کیا جا سکتا ہے اور ان کو مطمئن بھی کیا جا سکتا ہے لیکن میرا خیال ہے کہ میں ان کے اس نکتے کو اہمیت دیتا ہوں کہ اس کو اگر ہم سلیکٹ کمیٹی کے اندر ڈسکس کریں اور اس کو ریفر کریں تو یہ مناسب رہے گا کیونکہ ایک Important document ہے اور فیوچر کے اندر جو Elected government آتی ہے، اس کو دوبارہ بار بار Revisit نہیں کرے گی اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے General principles پہ اگر کوئی اس سیشن کے اندر اپوزیشن میں سے Respond کرنا چاہتا ہے، Generally اس پہ ڈیبیٹ کرنا چاہتے ہیں تو آپ ان کو موقع دیدیں ورنہ پھر مجھے دوبارہ موقع دیدیں تاکہ میں سلیکٹ کمیٹی کو ریفر کرنے کی تحریک پیش کروں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، یو منٹ پلیز۔

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، میں شکریہ ادا کرتا ہوں منسٹر لاء کا اور منسٹر لوکل گورنمنٹ کا، یہ واقعتاً اسمبلی کی جو قانون سازی ہے اور پھر جو یہ دو بلز آج اسمبلی میں آئے ہیں، انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ اسی طرح اس سے پہلے جو Right to Information کا جو بل تھا، ایکٹ تھا، وہ بھی ہم نے یہاں اپنی تجویز دیدی کہ چونکہ قانون سازی انتہائی اہم بزنس ہوتی ہے اور ہونا یہ بھی چاہیئے کہ چونکہ اس طرح کی قانون سازی یا اس طرح کے جو سسٹمز بنتے ہیں، یہ سارے صوبے کیلئے بنتے ہیں، بیشک اسی طرح حکومتوں کے دوران یہ قانون سازی ہوتی ہے، احتساب بل کے حوالے سے اور یہ بلدیاتی نظام کے حوالے سے ہم نے اپنی ترامیم بھی جمع کر دی ہیں اور منسٹر صاحب نے بتایا بھی کہ انہوں نے One one کر کے ان کو پڑھا بھی ہے۔ جہاں تک ہم سمجھتے ہیں کہ بالکل Constitutionally local bodies جو ہے، وہ ہونی چاہیئے لیکن جو ڈرافٹ بل ہم نے پھر دیکھا، اس میں بہت ساری ایسی چیزیں تھیں جو کہ گراؤنڈ پہ فیزیبل نہیں تھیں اور ان شاءاللہ جس طرح حکومت کی طرف سے ایک اشارہ ملا ہے کہ سلیکٹ کمیٹی میں جائے گا، وہاں پر ان شاءاللہ اسے Threadbare ہم ڈسکس کرینگے لیکن چونکہ یہاں پر میڈیا کے بھائی بھی بیٹھے ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ لوکل باڈیز میں جو ویلج کونسل کو دیا گیا ہے اور یونین کونسل کو جو ہے وہ ختم کر دیا گیا ہے، اسی لئے ہم نے ویلج کونسل کی بجائے یونین کونسل کی ترمیم دی ہے اور اس کی تجویز دی ہے اور پھر اس کے الیکشن کا جو Criteria ہے، وہ بھی اگر دیکھا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہاں پر انتہائی Confusing ہے، یعنی جو بھی ویلج کونسل کا Concept ہے، شاید مغرب میں یہ فیزیبل ہو کسی حد تک، وہاں پہ آبادی کم ہے، وہاں پہ مطلب جو انفراسٹرکچر ہے، وہ انتہائی محدود ہے، انتہائی Limited ہے اور جو اہم بات ہے، وہ Non political party basis پر ہے۔ اب اگر دیکھا جائے ایک طرف سے تو یہ کہا جارہا ہے کہ ہم شخصیات کی بجائے نظریات پہ لوگوں کو لانا چاہ رہے ہیں تو میرے خیال میں اگر Gross root level سے کسی ووٹر کو ہم یہ میسج نہیں دینگے کہ مطلب آپ نے فلاں نظریہ کو ووٹ دینا ہے اور عجیب بات پھر یہ ہے کہ When a person is a layman, when he is a voter, he is non political, but when he becomes an opinion leader or when he becomes an elected person then he has the option to join a political

party، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک Exploitation ہے، ہونا بھی یہ چاہیئے، بد قسمتی سے ہمارے معاشرے میں ہمارے ملک میں ویسے بھی سیاست بہت بدنام ہے، پولیٹیکل پارٹیز پر لوگوں کا اعتماد اس طرح نہیں ہے جس طرح ہونا چاہیئے تو میں یہ سمجھتا ہوں، بلکہ ہمارے اپوزیشن کے سارے Colleagues یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں Symbol دینا چاہیئے ووٹر کو، کہ آپ نے 'بیٹ' کو ووٹ دینا ہے کہ آپ نے 'شیر' کو ووٹ دینا ہے کہ آپ نے 'لالٹین' کو ووٹ دینا ہے، آپ نے 'کتاب' کو ووٹ دینا ہے، آپ نے 'پتنگ' کو ووٹ دینا ہے، تو پھر وہاں پر Exploitation نہیں ہوگی اور یہ صرف Exploitation کی بات نہیں ہوگی، سپیکر صاحب! یہ ہارس ٹریڈنگ کی اور کرپشن کی بنیاد ہوگی، بنیاد، تو اسی لئے ہم نے Propose کیا ہے کہ یونین کونسل ہونی چاہیئے اور ساتھ پھر ہم نے یہ کہا، یہ تجویز دی ہے۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر خواتین اراکین اسمبلی واک آوٹ ختم کر کے ایوان میں تشریف لے آئیں)

(تالیاں)

جناب سردار حسین: کہ یونین کونسل کے جو الیکشنز ہیں، وہ متناسب نمائندگی پہ ہوں تاکہ (مداخلت) دوسری بات جو ہے، وہ اقلیتوں کی ہے، اب جب ہم یہ کہتے ہیں کہ اقلیت ہمارے بھائی ہیں خواہ وہ کرسچینز ہوں، خواہ وہ مسیحی ہوں، خواہ وہ ہندو ہوں، خواہ وہ سکھ ہوں، ہم کہتے ہیں، سارے ہم کہتے ہیں کہ ہمارے بھائی ہیں لیکن اقلیتوں پر پابندی ہے کہ وہ ناظم اور نائب ناظم نہیں بن سکتا تو میرے خیال میں یہ بھی Discrimination ہے۔ دورانیہ پہ ہمارا اعتراض ہے کہ تین سال کم از کم ہمارا صوبہ ایسی پوزیشن میں نہیں ہے کہ کوئی ڈیویلپمنٹ جو سکیم ہے، وہ ہم Fully funded کر دیں تو اس پہ بھی ہمارا یہ اعتراض ہم نے لکھ کر دیا ہے کہ اس کا Duration جو ہے یا چار سال ہونا چاہیئے یا پانچ سال ہونا چاہیئے۔ اور میں وزیر اعلیٰ صاحب کے اختیار کے حوالے سے یہ ضرور کہتا ہوں، سپیکر صاحب! یہ صوبائی اسمبلی ہے اور اسی صوبائی اسمبلی کو یہ اختیار ہے کہ اپنا چیف ایگزیکٹیو منتخب کر سکے، اس پہ اعتماد کر سکے، پھر اسی ہاؤس کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ اپنے چیف ایگزیکٹیو پہ عدم اعتماد کر سکے لیکن وہاں پر ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہاں پہ یہ اختیار نہیں ہے، اسی لئے ہم نے یہ بھی تجویز دی ہے۔ ساتھ ساتھ سپیکر صاحب! جو انکوائری کمیٹی ہے، Suppose کسی نظام میں لوکل گورنمنٹ میں یا ضلعی حکومتوں میں کسی طرح بھی Mismanagement کے حوالے

سے، کرپشن کے حوالے سے، Irregularities کے حوالے سے اگر اسی طرح کے واقعات رونما ہونگے تو جو کمیٹی ہے، اس کے سربراہ جو ہیں وہ بلدیات کے منسٹر صاحب ہونگے تو ایک طرف سے تو ہم یہاں پہ احتساب بل لانا چاہ رہے ہیں اور خود یہ کہہ رہے ہیں کہ چیف منسٹر کو بھی یہ اختیار نہیں ہے، چیف منسٹر کے خلاف بھی وہ انکوائری کر سکتے ہیں، وہ ایکشن لے سکتے ہیں اور دوسری طرف پھر ہم اسی بل میں وزیر بلدیات کو، سیکرٹری فنانس کو، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو، اس طرح کے جو Dignitaries ہیں، ان کو ہم ممبر بنا رہے ہیں اور چیئر مین بنا رہے ہیں تو میرے خیال میں اس میں کوئی ہمیں بدنیتی پہ وہ نہیں ہے لیکن جو Transparency کی بات ہو رہی ہے، جو شفافیت کی بات ہو رہی ہے، اسی میں وہ ہمیں نظر نہیں آ رہی۔ سپیکر صاحب، اختیارات کی بات، اگر دیکھا جائے، پچھلا جو بلدیاتی نظام تھا، وہاں پہ انتظامی اختیارات جو تھے، وہ بھی لوکل گورنمنٹ کو ملے تھے، اب یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ یہاں پہ کسی ڈیپارٹمنٹ کا سیکرٹری جو ہے، وہ پراونشل ڈیپارٹمنٹ کے Under آتا ہے، ڈائریکٹر اسی ڈیپارٹمنٹ کے Under آتا ہے، دنیا میں جہاں بھی لوکل باڈیز ہیں، ترقیاتی کاموں کے علاوہ انتظامی اختیارات ان کو دینا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صوبائی حکومت اور پھر ضلعی حکومتوں کے درمیان وہ جو اختیارات کی ایک نہ ختم ہونے والی جنگ ہے، وہ شروع ہو جائے گی۔ بالکل ہونے چاہئیں لوکل باڈیز کے الیکشنز اور بہت جلدی ہونے چاہئیں، اسی لئے بھی بہت جلدی ہونے چاہئیں کہ ہمارے حکومتی بھائیوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ 90 days کے اندر اندر صوبے میں ہم بلدیاتی انتخابات کرائیں گے، ہم تو اسی انتظار میں تھے کہ جب ہمارے بھائی اقتدار میں آئیں گے تو ان لوگوں نے پوری تیاری کی ہوئی ہو گی لیکن وہ تو حکومت آنے کے بعد پتہ چلا کہ ان لوگوں نے کوئی ورکنگ گروپس بنائے، یہ لوکل باڈیز پہ ان لوگوں نے اپنا کوئی ڈرافٹ تیار کیا جو کہ ابھی چوتھے مہینے میں جا رہے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ آگے جا کر دسمبر سے آگے میرے خیال میں کہیں Conduct ہو گا یہ الیکشن تو بہت بڑی بات ہو گی، تو بالکل ہماری طرف سے یہ جو آپ نے سلیکٹ کمیٹی بنائی ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جتنا جلدی ہو سکے اس کی ہم میٹنگز کریں، جو امنڈمنٹس ہیں اور ساتھ ساتھ میں یہ بھی چاہونگا کہ یہ تو ہاؤس کی طرف سے ایک سلیکٹ کمیٹی بنی ہے، میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ سول سوسائٹی کو Open ہو، اس پہ سیمینارز ہوں، اس پہ ڈسکشنز ہوں بلکہ پارلیمنٹ سے باہر جو سیاسی جماعتیں ہیں، ان کے قائدین کو بھی بلانا چاہیئے تاکہ

ہم یہ ہاؤس اسی صوبے کو ایک ایسا مربوط، منظم اور بغیر کسی Loopholes کے ایک ایسا نظام دے سکیں تاکہ یہ جو اختیارات ہیں، یہ جو کام ہیں، ان کی Specification ہو کہ صوبائی اسمبلی کے کیا اختیارات ہونگے اور ضلعی حکومتوں کے کیا اختیارات ہونگے؟ تو میرے خیال میں یہ تجویز بھی منسٹر صاحب اپنے ساتھ نوٹ کر لیں تو یہ صوبے کے مفاد میں ہوگا اور صوبے کیلئے انتہائی بہتر ہوگا۔ میں اس چیز پہ بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اپنے حکومتی بھائیوں کا کہ جو Right to Information کیلئے سلیکٹ کمیٹی بنی تھی تو ان لوگوں نے، میں نہیں سمجھتا ہوں کہ خود اپنی طرف سے ہر پارٹی سے ایک ایک نام دیا تھا، ان لوگوں نے اچھا کیا کہ پارلیمانی لیڈرز کے نام دیئے ہیں یا تو پارلیمانی لیڈرز کے نام دینے چاہیئں اور یا کسی پارٹی سے اگر نام لینا ہو تو پارلیمانی پارٹی لیڈر سے پوچھ کر اگر وہ نام لیا جائے تو میرے خیال میں وہ بھی بہتر ہوگا اور سپیکر صاحب! بالکل ہم اسی کے حق میں ہیں کہ یہ بل جو ہے یہ سلیکٹ کمیٹی میں چلا جائے Threadbare اس پہ ڈسکشن ہو Openly, openly جو بھی چیزیں ہیں ان شاءاللہ وہ دلائل دینگے، ہم دلائل دینگے جس چیز پہ ہم متفق ہونگے ان شاءاللہ ہاؤس میں لے آئیں گے اور صوبے کیلئے پاس کر لینگے۔ تھینک یو۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ، سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں پہلے تو لاء منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپوزیشن کے ساتھ مشاورت کے بعد جو بل تھا، اس احتساب بل کو سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا اور ابھی جو دوسرا بل، وزیر بلدیات صاحب صبح اپوزیشن چیمبر میں آئے تھے، ہم نے وہاں پہ بھی انہیں اپنے خدشات سے آگاہ کیا اور اپنی رائے انہیں دی، یہ یقیناً پورے صوبے کی نظریں اس وقت اس بل کے اوپر لگی ہوئی ہیں کہ پتہ نہیں کیا ہونے والا ہے اور کیا ہوگا؟ تو میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر صاحب، یہ اس حکومت نے یہ بل پیش کیا ہے، اس وقت صوبے کے اندر پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے اور وزیر بلدیات صاحب بھی اسی Coalition Party سے تعلق رکھتے ہیں، حکومت چونکہ ان کی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ پانچ سال کیلئے حکومت ہے، شاید اگلے پانچ سال اس جماعت کی حکومت نہ ہو کسی اور جماعت کی حکومت ہو، آج حکومت کے جو بھائی اس طرف بیٹھے ہیں، کل شاید انہیں اس طرف بیٹھنا چاہیئے اس لئے اس بل کو جو ٹیبل کیا گیا ہے، اس میں جو ہم نے مشاہدہ کیا ہے اور دیکھا ہے تو بہت سی چیزیں اس طرح نظر

آرہی ہیں جیسے ہمیشہ ہمیشہ وزیر بلدیات عنایت اللہ صاحب ہونگے اور دو ہزار کی جو انہوں نے خصوصی طور پہ ویلج کونسل رکھی ہے، دو ہزار سے دس ہزار تک تو میرے خیال کے مطابق یہ ناانصافی ہوگی، اس میں کوئی امنڈ منٹ ہم نے اس کے حوالے سے بھی لائی ہے اور مزید 37 لوگوں نے، ممبران نے امنڈ منٹس لائی ہیں تو ان کے خدشات تھے اس لئے انہوں نے امنڈ منٹس اس میں لائی ہیں، تو جناب سپیکر صاحب! یہ جو دوسرے تین صوبوں میں بلدیاتی سسٹم لایا گیا ہے تو شاید اگر اس صوبے میں بھی وہ سسٹم لایا جاتا تو بہتر تھا، بہر حال جو حکومت نے بل لایا ہے، اس میں جو تجاویز ہم صوبے کیلئے بہتر سمجھیں گے، صوبے کے عوام کیلئے بہتر سمجھیں گے، وہ وزیر بلدیات صاحب کو دینگے، انہوں نے مناسب سمجھا تو ہماری تجاویز کو شامل کرینگے اور ان شاء اللہ اس میں پورے صوبے کی بہتری ہوگی۔ تو جو غیر سیاسی، ویلج کونسل اور Neighborhood council کیلئے انہوں نے جو غیر جماعتی بنیادوں کے اوپر الیکشن کروانے کا اس میں رکھا اور پھر اس کے بعد تین دن میں ناظم اور نائب ناظم کو جماعت میں شامل ہونے کا پابند کیا گیا، چاہے وہ جس جماعت سے بھی تعلق رکھتا ہے، اسے غالباً جماعت اسلامی یا پی ٹی آئی میں ہی شامل ہونا ہے، وہ پی ایم ایل یا جے یو آئی یا اے این پی میں تو نہیں آئے گا، یہ بھی غالباً مناسب بات نہیں ہے۔ اگر آج وہ پی ٹی آئی میں شامل ہوگا تو شاید انہوں نے تین سال کا پیریڈ رکھا ہے تو ہمارے اس Tenure میں دوبارہ الیکشنز ہونے جائیں گے، پتہ نہیں، یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ پانچ سال بھی یہ حکومت پوری کرتی ہے، ہم دعا کرینگے کہ یہ حکومت اپنے پانچ سال پورے کرے ورنہ جس طرح مولانا لطف الرحمان صاحب جس کوشش میں لگے ہوئے ہیں، شاید ہمیں بھی مجبوراً ان کا ساتھ دینا پڑے۔ تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ چونکہ (قہقہے) یہ سسٹم، یہ سسٹم چلتا رہے گا تو ہمیں اس طرح (شور اور قہقہے) ہمیں سر، اس طرح اس کو۔۔۔۔۔

(قہقہے اور قطع کلامیاں)

<u>جناب منور خان ایڈووکیٹ:</u> جناب سپیکر، یہ تو۔۔۔۔۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> سر، ہمیں اس طرح بل کو، آپ اپنی باری پہ ضرور بات کریں، اپنی باری پہ بات کریں۔ سر، اس بل کے اندر جو امنڈ منٹس ہم نے لائی ہیں، بالکل میں یہ تجویز دونگا وزیر بلدیات صاحب کو کہ یہ بل بھی سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور جس طرح لاء منسٹر صاحب نے تمام پارلیمانی لیڈرز کو

سلیکٹ کمیٹی میں رکھا ہے، اس بل میں بھی تمام پارلیمانی لیڈرز کے اوپر مشتمل ایک سلیکٹ کمیٹی بنائی جائے اور وہ اس کے اوپر غور وخوض کرے، اس کے بعد جو اس میں مناسب امنڈمنٹ ہو سکے، وہ کر کے دوبارہ اس کو تب ہاؤس میں لایا جائے۔ تو میری یہ تجویز ہے کہ جی سلیکٹ کمیٹی کے حوالے یہ بل ہونا چاہیئے اور میں اسی کے ساتھ اپنی تجاویز ختم کرتا ہوں۔ شکریہ

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: منور خان صاحب۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر! سب سے پہلے میں جناب اسرار اللہ گنڈاپور صاحب اور عنایت اللہ خان صاحب اور یہاں کے پارلیمانی لیڈرز کی طرف سے جو ماحول بنایا گیا اور سلیکٹ کمیٹی کیلئے جو بل بھیج رہے ہیں سر، تو میرے خیال میں اس پہ مزید یہاں پر ڈسکشن ہونا ٹائم کا ضیاع ہے اس لئے میرے خیال میں اب عنایت اللہ خان صاحب کو موقع دیا جائے کہ وہ یہ اپنا Process complete کر لیں تاکہ ابھی اگر ہم اسی پہ ادھر ہی بحث شروع کر دیں، پھر سلیکٹ کمیٹی کے پاس جانے کی ضرورت کیا ہے سر؟ اسی سلسلے میں سر، میری ریکویسٹ ہے۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: شکریہ جی۔ مسٹر عنایت اللہ خان صاحب پلیز۔

<u>جناب جعفر شاہ</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی جعفر شاہ صاحب۔

<u>جناب جعفر شاہ</u>: تھینک یو، جناب سپیکر۔ Colleagues نے اور پارلیمانی لیڈرز نے بہت تفصیل سے بات کی اور جس طرح منور خان صاحب نے کہا تو یقیناً اس میں Thrash out ہوگا، سلیکٹ کمیٹی میں یہ ڈسکشن وہاں پہ ہونی چاہیئے۔ ہاں ایک پوائنٹ یہاں پہ منسٹر صاحب! اگر آپ کی توجہ ہو منسٹر بلدیات! اس میں یہ ہے کہ سپریم کورٹ نے ایک ہفتہ پہلے اس پر بہت سخت Observations لگائے تھے کہ جو ویلج کونسل کا Concept ہے، اخباروں میں سرخی یہ تھی کہ یہ مسترد کیا گیا ہے یا نہیں ہے، جو بھی ہے That point should be taken into consideration when you are going to the Select Committee. اور ایک میں اسرار صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ جو احتساب بل ہے، It needs to be refined a bit more. اس میں کافی چیزیں اس طرح ہیں، جس طرح کہ آپ نے رشتہ دار کی بات کی ہے تو رشتہ دار کی، Relative کی تعریف نہیں، Relative تو میری بیوی کے

ماموں کے نانا کے پوتے کا بھی ہو سکتا ہے تو یہ ہے کہ اس طرح کی Definition ہے کہ اس کو Refine بھی کیا جائے یا اس طرح ہے کہ چیف منسٹر کا نام اس Definition میں رکھا ہے لیکن وہاں پر آگے اس میں کوئی بات ہی نہیں ہے، تو یہ چیزیں اگر ان بلز میں آپ Consider کریں تو اس میں Refinery آجائے گی۔ تھینک یو۔

جناب قائمقام سپیکر: جی اسرار گنڈا پور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور (وزیر قانون): تھینک یو، سر۔ سر، جو ہمارے آنریبل ممبرز ہیں جنہوں نے Amendments move کی ہیں، ان شاءاللہ ہم انکی تجاویز سے بھی استفادہ کرینگے اور Through special invitation جب کمیٹی بن گئی ہے تو اس میں ان کو بلائیں گے اور انکی تجاویز سنیں گے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ جی عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): جناب سپیکر، جو ڈیبیٹس ہوئی ہیں، اس پر تو میں تفصیلی Response نہیں دونگا البتہ کچھ Points raise ہوئے ہیں تو میں کوشش کرتا ہوں کہ ان پر Respond کروں۔ میرا خیال ہے کہ بل کو Thoroughly پڑھنے کے بغیر کچھ غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں، میرا خیال ہے کہ جو موقع ان کو ملے گا پھر یہ پڑھیں گے تو وہ غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی۔ مثلاً یہ بات جب کہی گئی ہے کہ ویلج کونسل میں لوگ Non party basis پر Elect ہونگے اور پھر آگے وہ پارٹیاں Join کرینگے تو یہ میرا خیال ہے کہ یہ بل کے اندر اس قسم کی کوئی شق نہیں ہے بلکہ یہ Electoral college نہیں ہے جو اوپر والا تحصیل کونسل اور ضلع کونسل کا ہوا ہے اور Devolution کی بات کی گئی ہے تو یہ تو Constitution کی جو تین Provisions ہیں، اس میں، ایک میں آرٹیکل A 140 میں کلیئر کٹ لکھا ہوا کہ Financial Administrative and Political devolution ہو گی اسلئے اب تک جو لوکل گورنمنٹ سسٹم 1979 اور 2012 وغیرہ بنے ہیں تو وہ اس Constitution کی اس Provision کی Closer نہیں ہے، وہ اس کی Spirit کے مطابق نہیں ہے۔ ظاہر ہے یہ ساری چیزیں ہم اس کے اندر ڈسکس کرینگے جو سلیکٹ کمیٹی ہے۔ میں اب اس کی اجازت چاہتا ہوں کہ ہمیں کمیٹی کو، مجھے اجازت ہے؟

جناب قائمقام سپیکر: جی جی۔

Minister for Local Government: I beg to move that the Local Government Bill, 2013 may be referred to the Select Committee.
Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the Bill be referred to the Select Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The'Ayes'have it. The Bill is referred to the Select Committee. Now the Honourable Minister to please move for the constitution of Select Committee under sub rule (2) of rule 86 of the Rules of Procedure. Honourable Minister.
Minister for Local Government: Sir, I beg to move that leave may be granted under sub rule (2) of rule 86 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 that the Select Committee be composed of the following: Yousaf Ayub Khan; Anisazeb Tahirkheli; Sardar Mehtab Ahmad Abbasi; Maulana Lutf ur Rehman; Sardar Hussain Babak; Muhammad Ali Shah; and the other four are ex-officio members. So there are four ex-officio members.
Mr. Acting Speaker: The motion before the House is that the Select Committee proposed by the honorable Minister may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it.

(Applause)

اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹوں کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Acting Speaker: The honorable Minister for Law, Khyber Pakhtunkhwa to please lay on the table of the House, the reports of the Council of Islamic Ideology. Honourable Minister for Law, please.

وزیر قانون: تھینک یو، سر۔ سر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سالانہ رپورٹیں 1997تا2008-09 اور اس کے علاوہ رپورٹ جائزہ ضابطہ فوجداری 1898، رپورٹ جائزہ ضابطہ دیوانی 1908، قوانین کی اسلامی تشکیل جلد اول اور جلد چہارم، رپورٹ اصلاح قیدیان اور جیلخانہ جات ہاؤس میں Present کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Acting Speaker: It stands laid.

خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2010 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Acting Speaker: The honorable Minister for Law, Khyber Pakhtunkhwa to please lay on the table of the House the Annual Report of the Khyber Pakhtunkhwa, Public Service Commission, for the year 2010. Honourable Minister for the Law, please.

وزیر قانون: سر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2010 ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Acting Speaker: It stands laid.

اب میں اجلاس سے متعلق جناب گورنر صاحب، خیبر پختونخوا۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب قائمقام سپیکر: جی، سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا زمونږ د میډیا ملګری او بیا خاصکر دا چې کوم الیکټرانک والا دی، کیمره مینان دی، هغوی ته شاید چې په دیکښې تکلیف دے چې دا یو Space هغوی ته ملاؤ دے غالباً او د هغوی د وینا مطابق هغوی ته په کوریج کښې دلته مسئله ده نو سپیکر صاحب، د هغوی دا ډیمانډ دے چې که هغه سائډ ته هم هغوی ته Space ملاؤ شی او دلته ورته هم لږ Space دا سې ملاؤ شی نو هغوی دا ګنړی چې بیا به مونږ د اسمبلئ ټول کوریج چې دے، دا کوریج چې دے، دا به هغوی ډیر په صحیح طریقه باندې کولے شی او بهر حال که دغلته په ناسته کښې او دغلته په ناسته کښې دې اسمبلئ ته څه شکایت وی نو بیشکه پکار دا ده چې هغوی هغسې دغه نه کوی خو بهر حال هغوی ته مسئله دا ده چې هغوی د هغه سائډ نه پوره کوریج د اسمبلئ نشی کولے نو دې باره کښې سپیکر صاحب! که تاسو حکم وکړو نو مهربانی به وی۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! ہاؤس میں مانسہرہ کے ایشو پر جو بات ہوئی تھی۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: کس ایشو کو؟

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر، مانسہرہ کے جو ڈی پی او صاحب تھے، اس پر واقعی لوگ پریشان ہیں تو اگر دو کیبنٹ ممبرز آپ میرے ساتھ کر دیں تو ہم جا کر آئی جی صاحب سے ٹائم اگر لے لیں تو ہم اس سے آج بات کر دیں کہ کسی نتیجے پر پہنچ جائیں۔

جناب قائمقام سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب۔ محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: بابک صاحب چې کومه خبره جناب سپیکر صاحب! وکړه، د دې خبرې مونږ هم حمایت کوؤ ځکه چې اکثر تې وی کښې زمونږ دا شاته دا څهونه راځی نو مخامخ پکار دے چې کم از کم دا شکلونه خو مو پکښې ښکاری کنه جی۔

(قہقہے)

جناب قائمقام سپیکر: شاہ فرمان صاحب پلیز،___ مسٹر شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ، جناب سپیکر۔ ہمیں علم ہے اس مسئلے کا اور اس میں کوئی شک نہیں، اس ڈی پی او کو میں بھی جانتا ہوں اور میرا ذاتی دوست بھی ہے اور اگر مانسہرہ والے چاہتے ہیں کہ اس کا ٹرانسفر نہ ہو اور وہ خوش ہیں تو یہ ان کا بھی حق ہے لیکن سی ایم صاحب نے اس کے اوپر بات کی ادھر کہ اس طرح گورنمنٹ کیسے چلے گی؟ اس کے اوپر سوچنے والی بات ہے کہ اگر کسی آفیسر کو ہم ٹرانسفر کریں، کسی بھی ڈیپارٹمنٹ کے اندر اور آگے سے اس طرح کا پریشر آجائے، تو حکومت کا معاملہ ہے، آئی جی صاحب کے ساتھ یہ کمٹمنٹ ہے گورنمنٹ کی کہ پولیس کے معاملات میں گورنمنٹ Interference نہیں کرے گی، کسی کیلئے سفارش کرنا، کہیں ایس ایچ او لگوانا، ڈی پی او لگوانا، تو سی ایم صاحب نے بھی اپنی بات کی ہے اور یہ حالات ہیں اور وہ جو لوگ ڈیمانڈ کرتے ہیں، وہ بھی حق بجانب ہیں۔ اب اس کے درمیان رہتے ہوئے ہم یہ کر سکتے ہیں کہ آئی جی صاحب سے بھی بات کر لیتے ہیں، سی ایم صاحب سے بھی بات کر لیتے ہیں، وجیہہ الزمان صاحب کو میں لیکر ان سے ہم بات کر لیتے ہیں اور جس طرح بہتر حل نکل سکتا ہے کیونکہ یہ کمٹمنٹ ہے کہ آئی جی صاحب کو ہم Dictate نہیں کرینگے، اس Terms پر وہ آئے ہیں تو یہی بہتر ہے کہ میں اور۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر، لوگوں کی ڈیمانڈ ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ڈسکس کر لیتے ہیں جناب سپیکر، ڈسکس کر لیتے، سی ایم صاحب سے بھی ڈسکس کر لیتے ہیں اور آئی جی صاحب سے بھی ڈسکس کر لیتے ہیں، میں اور آپ دونوں چلے جائیں گے۔

Mr. Acting Speaker: Thank you, ji. "In exercise of the powers conferred by Clause b of Article 109 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, I, Engineer Shaukat Ullah, Governor of the Khyber Pakhtunkhwa, do here by order that the Provincial Assembly shall stand prorogued on Friday the 11th October, 2013 after conclusion of its business fixed for the day till such date as may hereafter be fixed."

اس فرمان کی رو سے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)